# صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز پیر مورخہ 20 فروری 2012ء بمطابق 27 ربیع الاوّل 1433 ہجری بعد از دوپہر چار بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیۡطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیمِ۔

**یٰٓاَیُّہَا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِذَا لَقِیۡتُمۡ فِئَۃً فَاثۡبُتُوۡا وَ اذۡکُرُوا اللّٰہَ کَثِیۡرًا لَّعَلَّکُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ O وَ اَطِیۡعُوا اللّٰہَ وَ رَسُوۡلَہٗ وَ لَا تَنَازَعُوۡا فَتَفۡشَلُوۡا وَ تَذۡہَبَ رِیۡحُکُمۡ وَ اصۡبِرُوۡا ؕ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیۡنَ۔**

(ترجمہ): اے ایمان والو جب تم کو کسی جماعت سے (جہاد میں) مقابلہ کا اتفاق ہوا کرے تو (ان آداب کا لحاظ رکھو ایک یہ کہ) ثابت قدم رہو اور اللہ تعالیٰ کا خوب کثرت سے ذکر کرو امید ہے کہ تم کامیاب ہو۔ اور اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت (کا لحاظ) کیا کرو اور نزاع مت کرو (نہ اپنے امام سے نہ آپس میں) ورنہ کم ہمت ہو جاؤ گے اور تمہاری ہوا اکھڑ جائے گی اور صبر کرو بے شک اللہ تعالیٰ صبر کرنے والوں کیساتھ ہیں۔

**و آخِرُ الدَعۡوَانا اَنِ الۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ۔**

جناب سپیکر: جزاکم اللہ۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: پوائنٹ آف آرڈر۔

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور' : نصیر خان میداد خیل صاحب۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا ، زما پہ دیکبنیے -----

جناب سپیکر: جی سوال نمبر؟

ملک قاسم خان خٹک: سوال نمبر 08۔

جناب سپیکر: 08۔

* 08 _ جناب نصیر محمد میداد خیل (سوال ملک قاسم خان خٹک نے پیش کیا): کیاوزیر لائیو سٹاک ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) پاکستان سے افغانستان کو بڑے پیمانے پر بڑے مویشیوں کی سپلائی ہو رہی ہے ؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں تو:

(i) مذکورہ سپلائی کا پرمٹ صوبائی حکومت دیتی ہے یامرکزی ؛

(ii) مذکورہ پرمٹ انفرادی جانوروں کیلئے دیاجاتاہے یااجتماعی طور پر، پرمٹ اجازت نامہ میں کم ازکم اور زیادہ سے زیادہ جانوروں کی تعداد کی تفصیل بتائی جائے ؛

(iii) حکومت نے ہر جانور کی قیمت کتنی مقرر کی ہے ؛

(iv) اگر حکومت نے اجازت دی ہے تو آیاجانوروں کی افغانستان سمگلنگ سے ملک کی معیشت پر برااثر پڑ رہاہے، تفصیل فراہم کی جائے ؟

حاجی ہدایت اللہ خان (وزیرامور حیوانات): (الف) وفاقی حکومت کی اجازت سے افغانستان کو بڑے مویشی برآمد کئے جاتے ہیں تاہم ان کی برآمد پر ان دنوں پابندی عائد کی گئی ہے۔

(ب) (i) مذکورہ سپلائی کا پرمٹ مرکزی حکومت جاری کرتی ہے۔

(ii) چونکہ پرمٹ وفاقی حکومت دیتی ہے، اسلئے اس سلسلہ میں معلومات وفاقی حکومت سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

(iii) اس سلسلہ میں معلومات وفاقی حکومت سے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

(iv) افغانستان کو جانوروں کی سمگلنگ سے ملکی معیشت پر برے اثرات پڑتے ہیں اور اس سے مقامی طور پر زندہ جانوروں اور ان کے گوشت کی قیمتوں میں اضافہ ہوتا ہے، جس کا براہ راست اثر عوام پر پڑتا ہے، جو جانور باقاعدہ اجازت نامہ کے تحت افغانستان برآمد کئے جاتے ہیں، وہ ملکی ضروریات سے زیادہ ہوتے ہیں، جس کی باقاعدہ تحقیق کی جاتی ہے۔

Mr. Speaker: Ji any supplementary?

ملک قاسم خان خٹک: جی په دیکښے -----

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: پوائنٹ آف آرڈر۔

جناب سپیکر: جی ابھی نہیں، ابھی نہیں، 'کوئسچنز آور' کے بعد۔

ملک قاسم خان خٹک: جناب والا، زۂ د منسټر صاحب نه دا پته کول غواړمه چه دوئ وائی چه وفاقی حکومت دا پرمټ جاری کوی او اوس پابندی ده نو چه د ځومره پورے زما په نالج کښے دی، وفاقی حکومت چه دا پرمټ جاری کوی، آیا د افغانستان حکومت د دوئ نه دا ډیمانډ کړے دے چه دا پرمټ جاری کوی او یا دا د صوبے مسئله ده؟ دلته کښے چه زمونږه کومه مهنگائی ده او په کوم انداز باندے زمونږه مویشی او زمونږه د غوښے دا کوم کاروبار دے، دومره سختے مهنگایئ ته راروان دے چه بالکل مویشی ناپید کیږی لگیا دی۔ دا خو داسے عجیبه غوندے جواب دے چه زۂ خو د دے نه مطمئن نه یمه۔

Mr. Speaker: Ji honourable Minister for Livestock and Dairy development.

مفتی سید جانان: سر! زما یو سپلیمنټری سوال دے جی۔

جناب سپیکر: یو منټ جی، یو منټ۔ مفتی جانان صاحب، صرف سپیلمنټری سوال۔

مفتی سید جانان: زۂ جی صرف دا وایم، زما دا سوال دے جی، دا ایوان په هغه خبرے باندے معلوموؤم او ستاسو په علم کښے دا خبره راولم چه زمونږه ضلع چه کوم ده جی، هغه تقریباً د دوه ایجنسو سره ده، د وزیرستان ایجنسئ او د کرم ایجنسئ سره بالکل متصل ده۔ تاسو یقین اوکړئ جی، د ورځے په سوؤنو ټرکونه ځی او تر دے حده پورے جی چه په دے غټو ټرکونو کښے ئے بیا دپاسه یوه بله جنگله لگولے ده، یو لاندے حیوانات او مالونه ورکښے دغه کړی، یو بیا دپاسه

په دویم چهت باندې جي دغه کړی۔ نه پرمټ شته دے جي، هیڅ څه نشته دے، مطلب دا دے یو نظام راروان دے چه څوک په کوم ځائے کښے خلاصیږی، که په شلو روپو ځان خلاصولے شی او که په سلو خلاصولے شی جي، پیسے ورکوی، مطلب دا دے روان دی۔ یو منظم پروګرام روان دے جي نو دا به زما تاسو ته ګزارش وی جي، د خلقو خو دے ایوان ته سترګے دی چه په دے د پابندی اولګولے شی ګنی په راتلونکی وخت کښے به د ټولے صوبے خلقو ته یو لوئے تکلیف شی جي۔

<u>جناب عطیف الرحمان</u>: سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر</u>: جی عطیف خان۔

<u>جناب عطیف الرحمان</u>: مهربانی، سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، زمونږه هم دا دغه دے چه د دے کارخانو سره کوم چیک پوسټ دے، دلته کښے دے فوډ ډیپارټمنټ والا لګولے دے، د فوډ ډیپارټمنټ والا لاندے دے نو په دے لاره باندے هم زمونږه د دے ځاروو سمګلنګ ډیر زیات کیږی۔ پکار دا ده چه د هغے د مخ نیوی د پاره داسے یو طریقه کار وضع شی چه د آئنده د پاره داسے نه کیږی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Ji honourable Minister for Livestock and Dairy development. بس هم دغه شے دے، ستا په حکومت کښے هم دغه روان دی۔

<u>جناب محمد علی خان</u>: جناب سپیکر صاحب! زۀ پکښے یو خبره کول غواړمه جي۔

<u>جناب سپیکر</u>: بله خو په دیکښے نه شے کولے، هم دا د ځاروو به کوئ۔ جی محمد علی صاحب۔

<u>حاجی ہدایت اللہ خان (وزیر امور حیوانات)</u>: هم دا یوه قصه ده۔

<u>جناب محمد علی خان</u>: په دیکښے جي مسئله دا ده چه زمونږ طرف ته چه ځے، دوه پولیس چیک پوسټے دی، دوه دی که درے دی، هغوی ته چه دا اووائے چه دا سمګلنګ ولے جاری دے نو هغه وائی په دیکښے مونږه بے وسه یو، مطلب دا دے چه په دیکښے په غټه پیمانه باندے خبره کیږی او هلته ایس ایچ، تهانیدار یا بل څوک په هغے کښے څه نه شی کولے۔

جناب سپیکر: جی آنریبل منسٹر ہدایت اللہ خان صاحب۔

وزیر امور حیوانات: بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر صاحب، میداد خیل صاحب چه دا کوم سوال راوړے دے، د هغے خو جوابونه مونږه مکمل ورکړی دی۔ دوئ د افغانستان د پرمټ متعلق لیکلی وو نو هغه خو د فیډرل گورنمنټ او د دغه متعلق چه څه وو، هغه ورته مونږه واضحه کړی دی او په هغے باندے به انشاء الله هیڅ څه خبره نه وی۔ د کومے پورے چه دوئ دا کومه خبره اوکړه، دا ځکه چه په هغے کښے سی سی آئی هم دغه دے، کامرس هم پکښے Involve دے، ایف بی آر هم پکښے دے او Ministry of Interior پکښے هم ده نو دا د هغوی په Through باندے یو سروے کیږی او د هغے سروے مطابق چه کوم سرپلس جانور وی، هغه بیا بهر ته دوئ ورکوی او په هغے باندے ملک ته ریونیو حاصلیږی۔ پاتے شوه د سمگلنگ خبره جی نو په 24-05-2010 باندے مونږ ته دا کار حواله شوے دے، بیا د ستمبره پورے زمونږ سره د دے تعلق وو، پرمټ به مونږه ورکولو او د هغه پرمټ یو سسټم وو، یو نظام وو، هغه چلیدو او خلقو به په هغے باندے صرف د ټرائبل د پاره، زمونږ چه کومے ایجنسئ دی، په هغے ایجنسو کښے به جی مونږ ورکولو، د هغے خپله مخصوص کوټه وه۔ بیا ئے جی په ستمبر کښے زمونږ نه دا اختیار واغستو او پولیټکل ایجنټس له ئے ورکړو جی او میاں افتخار صاحب د هغے کمیټئ سربراه مقرر شو او په هغے کښے ئے بیا هوم سیکرټری صاحب ته داسے یو دغه ورکړو چه یره څه په دے باندے یو پروگرام جوړ کړه چه دا سمگلنگ هم بند شی ځکه چه دا د دے ایجنسو زمونږ سره متعلق خلق دے چه د دوئ کار هم خراب نه شی۔ په هغے کښے بیا هغوی یو Safe Operating Procedure (SOP) جوړ کړو او هغه SOP ئے مونږ ته دغه کړو چه په دیکښے مونږه د پرمټ دا اختیار ورکړو پولیټکل ایجنټس له، حالانکه مونږه په نهه میاشتو کښے ایک کروړ پچیس لاکھ روپئ د هغے د فیس نه په خزانه کښے جمع کړے وے خو د هغوی په دے پینځو میاشتو کښے یوه روپئ هم خزانے ته نه ده راغلے او د هغے نه علاوه اختیار چه دے نو دا د پولیټکل ایجنټس سره دے، باقی چه کوم دے نو دا نظام هم زمونږ سره داسے نشته چه په هغے باندے مونږه څه کار اوکړو ځکه چه مونږه د هغے د پاره سو کسان

غوښتلي وو چه مونږ له تاسو کسان راکړئ چه د هغے سره باقاعده، لکه څنګه چه د دغه سره ګاډے وی او یا ورسره Manpower وی، هغوی هغه منع کولے شی، بندولے شی نو زمونږ نه به بیا تاسو تپوس کوئ خو چونکه تر اوسه پورے په هغے باندے نه فنانس والا څه عمل کړے دے او نه هغوی مونږ ته هغه اختیار راکړے دے نو په دے وجه باندے زمونږ ډیپارټمنټ په دے وخت کښے بے بسه دے او زمونږ په لاس کښے داسے څه خبره نشته چه هغه مونږه اوکړو۔

جناب سپیکر: نه، دا میاں افتخار صاحب خو شته نه چه هغوی اوس د هغے خپلے کمیټئ وضاحت اوکړی خو خیر ستاسو د طرفه هاؤس کښے دا خبره اوچته شوه، په دے باندے سبا تاسو خامخا مخکښے پرے خبره اوکړئ۔

وزیرامور حیوانات: ښه جی۔

جناب سپیکر: دا Serious مسئله ده، یو نه دے۔۔۔۔۔

وزیرامور حیوانات: په دیکښے جی داسے ده، ستاسو په نوټس کښے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: شپږ ممبرانو صاحبانو په دے باندے خبره اوکړه۔۔۔۔۔

وزیرامور حیوانات: ٹھیک شوه جی۔

جناب سپیکر: نو په دے باندے سبا خامخا میټنګ اوکړئ او څه رپورټ که هاؤس ته راوړئ جی۔ تهینک یو۔ فضل الله صاحب، فضل الله صاحب، سوال نمبر جی؟

جناب فضل اللہ: سوال نمبر دے 06۔

جناب سپیکر: جی۔

* 06 _ جناب فضل اللہ: کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبہ میں فلڈ ڈائریکٹوریٹ موجود ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں تو:

(i) سال 2010-11 اور 2011-12 کے دوران مذکورہ ڈائریکٹوریٹ کیلئے بحالی کی مد میں کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؛

(ii) حالیہ سیلاب کے بعد ملاکنڈ ڈویژن میں بحالی کے کاموں کیلئے کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے، کتنے فنڈ کی ضرورت تھی اور تاحال کتنا فنڈ خرچ کیا جا چکا ہے، ضلع وائز مکمل تفصیل فراہم کی جائے اور مذکورہ تباہ شدہ

سڑکوں کی بحالی کیلئے کیا اقدامات کئے گئے ہیں اور تا حال کن کن سڑکوں کو بحالی کیا جا چکا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و آبپاشی)}</u>: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے۔

(ب) (i) سال 11-2010 اور 12-2011 کے دوران مذکورہ ڈائریکٹوریٹ کیلئے بحالی میں بالترتیب 2098.16 ملین روپے اور 1095.142 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

(ii) گزشتہ سیلاب کے بعد ملاکنڈ ڈویژن میں اریگیشن اور فلڈ پروٹیکشن کی بحالی کے کاموں کیلئے 749.474 ملین روپے مختص کئے گئے جبکہ ضرورت 1698.262 ملین روپے کی تھی اور اب تک 893.0043 ملین روپے خرچ ہو چکے ہیں جبکہ مزید کام جاری ہے، جس کی ضلع وار تفصیل درج ذیل ہے جبکہ سڑکوں کی بحالی کا کام سی اینڈ ڈبلیو محکمہ کے دائرہ اختیار میں آتا ہے جبکہ اریگیشن کے پراجیکٹس زیادہ تر سیلاب سے بچاؤ کی نوعیت کے ہوتے ہیں۔

فلڈ پروٹیکشن کاموں کی ضلع وار تفصیل ملاکنڈ اریگیشن سرکل

| نمبر شمار | ڈسٹرکٹ | منظور شدہ تخمینہ لاگت | تا حال خرچہ | خیالات |
|---|---|---|---|---|
| 01 | سوات | 549.811 | 314.639 | کام جاری ہے |
| 02 | شانگلہ | 64.464 | 11.049 | ایضاً |
| 03 | دیر اپر | 47.229 | 4.016 | ایضاً |
| 04 | بونیر | 19 | 13.017 | ایضاً |
| 05 | دیر لوئر | 777.195 | 245.555 | ایضاً |
| 06 | ملاکنڈ | 480.26 | 255.731 | ایضاً |
| 07 | چترال | 98.772 | 48.996 | ایضاً |
| ٹوٹل | | 2036.729 | 893.003 | |

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?

<u>جناب فضل اللہ</u>: نه، مطمئن يمه جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ، تھینک یو۔ Again فضل اللہ صاحب، سوال نمبر؟

<u>جناب فضل اللہ</u>: سوال نمبر 7 دے جی۔

جناب سپیکر: جی۔
* 07 _ جناب فضل اللہ: کیاوزیرآبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) ضلع شانگلہ میں فلڈ پروٹیکشن سکیم کیلئے 6کروڑ40لاکھ روپے منظور ہوئے ہیں؛
(ب) اگر(الف)کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ سکیم کاٹینڈر کب ہوااور تاحال کتنا کام ہوا ہے، نیز اگر کام شروع نہیں کیا گیا ہے تو متعلقہ ٹھیکیدار کے خلاف کیا محکمانہ کارروائی کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟
جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وآبپاشی)}: (الف) جی ہاں، درست ہے۔
(ب) مذکورہ سکیم کاٹینڈر جنوری 2011 میں ہوا، اب تک ٹینڈر کا 40% کام مکمل ہو چکا ہے۔ چونکہ سکیم کی مدت تکمیل ابھی باقی ہے، لہذا ایگریمنٹ کے تحت قانونی کارروائی کا کوئی جواز نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Ji any supplementary?

جناب فضل اللہ: سپیکر صاحب، په دیکښے دوئ په دے جواب کښے څه دغه ورکړے دے چه 40% کار 'کمپلیټ' شوے دے نو د ټهیکیدار اوس یوه هفته اوشوه چه کار ئے شروع کړے دے او 40% په کاغذ کښے 'کمپلیټ' دے، 40% نه شم وئیلے او په Site باندے خو 5% هم نشته نو دا دغه خو دوئ خطا رالیږلے دے، منسټر صاحب د په دے لږ دغه اوکړی۔

Mr. Speaker: Ji honorable Minister for, Senior Minister for Irrigation and Planning, please.

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وآبپاشی)}: جناب سپیکر صاحب، ستاسو مهربانی او د فضل الله خان شکریه ادا کوم چه دوئ د خپلے علاقے خیال ساتی او دا کومه خبره چه دوئ اوکړه چه 40% او دوئ وائی چه یوه هفته شوے ده، دا جواب خو تقریباً دے ځائے له یو پینځلس شل ورځے مخکښے راغلے دے نو د اسمبلئ په فلور باندے څوک Statement یا څوک دغه کوی نو هغه غلطه خبره په دے نه کوی خو په دے دوئ دا خبره کړے ده چه یره دا زر تر زر، زمونږه هم کوشش دے چه ترقیاتی کارونه زر سر ته اورسی او د دوئ چه څه Grievances وی یا څه دغه وی، هغه به On the spot ختموؤ او څومره ایم پی ایز چه په دے ځائے کښے ناست دی نو هغوی د دے محکمو دا د اوګنړی لکه چه د دوئ سربراهان دی، د دوئ د هدایاتو او د دوئ د دغه متعلق کار به کیږی او په دے چه د محکمے هم دا خیال وی او د نمائنده هم دا خیال وی چه زما په علاقه کښے

د کار هم بنۀ اوشی خو دوئ ته دا ریکویسټ کوؤ چه په هغه ځائے باندے د کوالټی خیال هم ساتی او که څه نمونه داسے څه شے راځی نو مونږ ته د وائی، د هغوی هغه کوم تکلیف او داسے کومه خبره وی، هغه مسئله به مونږه حل کوؤ۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریہ جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، سوال نمبر؟

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: سوال نمبر 08 جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

* 08 _ <u>مفتی کفایت اللہ</u>: کیا وزیر لائیو سٹاک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ضلع مانسہرہ میں لائیو سٹاک کے ہسپتال اور مراکز موجود ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو PK-55 ضلع مانسہرہ میں لائیو سٹاک کے کل کتنے یونٹس موجود ہیں اور ان میں تعینات عملہ کتنا ہے، نیز حکومت مذکورہ یونٹس کو اپ گریڈ کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب ہدایت اللہ خان (وزیر امور حیوانات وامداد باہمی)</u>: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ مانسہرہ میں لائیو سٹاک کے ہسپتال اور مراکز موجود ہیں۔

(ب) اس ضمن میں وضاحت کی جاتی ہے کہ PK-55 ضلع مانسہرہ میں لائیو سٹاک کے 11 مراکز موجود ہیں، جن میں تعینات عملہ کی تعداد حسب ذیل ہے:

| نمبر شمار | نام ہسپتال | عملہ | ڈاکٹر بی ایس 17 | وٹرنری سپروائزر بی ایس 11 | وٹرنری اسسٹنٹ بی ایس 9 | درجہ چہارم سکیل 1 |
|---|---|---|---|---|---|---|
| 01 | وٹرنری ہسپتال شنکیاری | 5 | 1 | - | 2 | 2 |
| 02 | سول وٹرنری ڈسپنسری سم | 2 | - | - | 1 | 1 |
| 03 | سول وٹرنری ڈسپنسری بفہ | 4 | - | 1 | 1 | 2 |
| 04 | وٹرنری سنٹر گاندھیاں | 1 | - | - | 1 | - |
| 05 | سول وٹرنری سنٹر بھیر کنڈ | 1 | - | - | 1 | - |
| 06 | سول وٹرنری سنٹر خاکی | 1 | - | - | 1 | - |
| 07 | سول وٹرنری سنٹر خواجگان | 1 | - | - | 1 | - |
| 08 | سول وٹرنری سنٹر ترنگڑی | 1 | - | - | 1 | - |
| 09 | سول وٹرنری سنٹر تمبر کولہ | 1 | - | - | 1 | - |
| 10 | وٹرنری سنٹر سانڈے سر | 1 | - | - | 1 | - |
| 11 | سول وٹرنری سنٹر ڈھوڈیال | 1 | - | - | 1 | - |

مزید برآں پی کے 55 میں 8 موجود مراکز (نمبر شمار 4تا11) کواپ گریڈ کرنے کیلئے متعلقہ ضلعی حکومت کو ضلعی لائیوسٹاک آفیسر مانسہرہ نے تجویز کیا ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 11-2010 میں ان 8 مراکز کی اپ گریڈیشن کو شامل کیا جائے۔ مذکورہ تجویز فی الوقت ضلعی حکومت ضلع مانسہرہ کے زیر غور ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: جی ہاں۔جناب سپیکر صاحب، میں نے ان سے لائیوسٹاک کے یونٹس کی اپ گریڈیشن کا پوچھا تھا تو انہوں نے ایک جامد محکمے کی طرح گیارہ سول وٹرنری ہسپتال اور سنٹرز کی اپ گریڈیشن کیلئے کوئی جامع منصوبہ بندی نہیں کی ہے۔اب تو اسمبلیاں بھی تھوڑی دیر کیلئے زندہ ہیں،اب مجھے کیا یقین دہانی ہو سکے گی،البتہ میں وزیر باتدبیر سے گزارش کرونگا کہ وہ کم از کم ان گیارہ میں سے تین سنٹرز کو اپ گریڈ کریں اور فلور پر اگر وہ کہہ دیں تو امید ہے کہ ہمیں اطمینان ہو جائے۔

Mr. Speaker: Honorable Minister for Livestock and Dairy development, Hidayatullah Khan Sahib.

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر!

جناب سپیکر: لږ زر پاڅئ نو چه زهٔ یو ځل منسټر ته، جی زمین خان صاحب۔ منسټر صاحب نن هسے هم ستړے ستړے ښکاری۔

وزیر امور حیوانات وامداد باہمی: نه یمه ستړے۔

جناب محمد زمین خان: سر، ما دا گزارش کولو چه دوئ په دے خپل جواب کښے په دے Last paragraph کښے لیکلی دی چه "مزید برآں PK-55 میں 8 موجود مراکز (نمبر شمار 4تا11) کواپ گریڈ کرنے کیلئے متعلقہ ضلعی حکومت کو ضلعی لائیوسٹاک آفیسر مانسہرہ نے تجویز کیا ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے سال 11-2010 میں ان 8 مراکز کی اپ گریڈیشن کو شامل کیا جائے"، نو 11-2010 خو تیر شوے دے، اوس خو مونږه د 13-2012 په دغه کښے روان یو، نو دا د تیر شوی دغه خبره کوی او کنه د راتلونکی دغه کوی، محکمه په کوم انداز باندے خبره کوی؟ ځکه چه دا خو ما ته داسے ښکاری لکه چه اوده وی، د اودو خبره کوی۔

جناب سپیکر: جی جناب، دا لږ ټیکنیکل شے ئے درته رااویستو جی۔ جی وزیر صاحب، لائیو ستا ک۔

وزیر امور حیوانات و امداد باہمی: مهربانی جی۔ سپیکر صاحب، اول خو جی دا د مفتی صاحب دغه دے ځکه چه د هغوی سوال دے نو د هغوی خبره به اوکړمه۔ مفتی صاحب دا وائی چه دا اسمبلی ډیره زیاته، په ډیر کم وخت کښے، نو زهٔ ورته انشاء الله تسلی ورکوم چه یو کال به له خیره پوره کوؤ۔۔۔۔۔

مفتی سید جانان: انشاء الله۔

وزیر امور حیوانات و امداد باہمی: او دا نور به په هغه وخت کښے ستاسو کارونه او مسئلے دغه کیږی، دا خبره نشته ځکه چه مولانا صاحب هم پخپله وئیلی دی چه وزیر اعظم چه هر څوک ځی راځی خو اسمبلی به وخت پوره کوی انشاء الله، نو دا تسلی سا تئ۔ باقی په دیکښے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: په خبره د مفتی جانان صاحب! ډیر ښهٔ انشاء الله اووئیل جی، دا به پوره کوی جی۔

وزیر امور حیوانات و امداد باہمی: انشاء الله، دا خو جی زمونږه پیر دے چه دوئ وائی۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: د زړهٔ د اخلاصه۔ (قہقہہ)

وزیر امور حیوانات و امداد باہمی: او جی۔ بله دا خبره ده جی چه دا دوئ چه کوم دغه کړے دے، دا مونږه وزیر پی اینډ ډی ته لیږلے دے۔ د مفتی صاحب په دغه کښے دا راولو چه کیس پی اینډ ډی ته تلے دے، زمونږه منسټر ته ما یو ریکویسټ کړے وو په اسلام آباد کښے او دوئ سیکرټری رااوغوښتو او هغوی ته ئے اووئیل چه یره په دے اوسنئ دغه کښے دا اپ گریډیشن تاسو شامل کړئ چه دا کوم ځائے کښے تکلیف دے چه دا پوره شی نو انشاء الله هغه به اوشی۔ د 2010-11 خبره په دے وجه باندے راغلے وه چه په هغه وخت کښے دا سوال زوړ وو جی او په هغه وخت کښے دا سوال نه وو راغلے جی، په دغه وجه باندے اوس راغے نو په هغه وخت کښے مونږه ورکړی وو خو هغه نه وو شوے او څښنکال به انشاء الله دا کیږی او زهٔ د خپل ورور زمین خان ډیره شکریه ادا کومه چه دوئ

چه کوم دے د دیر نه دانګی او په مانسهره کښے ګزار کوی او د مانسهرے نه دانګی هلته کوی نو زهٔ د دهٔ ډیر مشکور یمه۔ (قہقہہ)

(تالیاں)

جناب محمد زمین خان: جناب سپیکر صاحب!

Mr. Speaker: Ji Mufti Kifayatullah Sahib again.

جناب محمد زمین خان: سپیکر صاحب!

وزیر امور حیوانات وامداد باہمی: کښینه کښینه، کښینه۔

جناب سپیکر: بس دے ختم شو، ایشورنس ئے درکړو جی۔ مفتی کفایت الله صاحب، سوال نمبر جی؟

مفتی کفایت اللہ: سوال نمبر 15 جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 15 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) ہمارا ملک زرعی لحاظ سے ایک خود کفیل ملک ہے جبکہ صوبہ میں اکثر اشیاء دیگر صوبوں سے منگوائی جاتی ہیں اور حکومت بنجر زمینوں کو ہموار کرانے کا فریضہ بھی بطریق احسن نبھا رہی ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) سال 2011 کے دوران دیگر صوبوں سے درآمد کی گئی اشیاء کی مقدار کی تفصیل فراہم کی جائے؛

(ii) سال 2011 میں حکومت نے کل کتنے ایکڑ بنجر رقبے کو قابل کاشت بنانے کیلئے اقدامات کئے ہیں، ضلع وائز تفصیل فراہم کی جائے؟

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، محکمہ زرعی انجینئرنگ صوبہ خیبر پختونخوا میں ناہموار اور بنجر زمینوں کو بذریعہ بلڈوزر ہموار کر کے قابل کاشت بنانے کا فریضہ ادا کرتا ہے۔

(ب) (i) اس کا محکمہ ہذا سے تعلق نہیں ہے۔

(ii) ہموار کردہ زمین کی ضلع وار تفصیل برائے سال 2011 مندرجہ ذیل ہے:

ہموار کردہ زمین / رقبہ کی ضلع وار تفصیل سال 2011

| نمبر شمار | نام ضلع | بلڈوزر کے گھنٹے | ہموار ی زمین / رقبہ (ایکڑ میں) |
|---|---|---|---|

| | | | |
|---|---|---|---|
| 81.098 | 985 | پشاور | 01 |
| 188.790 | 2293 | نوشہرہ | 02 |
| 59.444 | 722 | چارسدہ | 03 |
| --- | --- | ہنگو | 04 |
| 12.35 | 150 | کوہاٹ | 05 |
| 172.9 | 2100 | ڈی آئی خان | 06 |
| --- | --- | ٹانک | 07 |
| 37.05 | 450 | بنوں | 08 |
| 37.05 | 450 | لکی مروت | 09 |
| 16.466 | 200 | کرک | 10 |
| 24.7 | 300 | چترال | 11 |
| 209.209 | 2541 | مردان | 12 |
| 128.357 | 1559 | صوابی | 13 |
| 119.383 | 1450 | ملاکنڈ(بٹ خیلہ) | 14 |
| 23.053 | 280 | سوات | 15 |
| --- | --- | شانگلہ | 16 |
| 32.933 | 400 | بونیر | 17 |
| --- | --- | دیراپر | 18 |
| 55.163 | 670 | دیرلوئر | 19 |
| 26.676 | 324 | ہری پور | 20 |
| 6.686 | 80 | ایبٹ آباد | 21 |
| --- | --- | تورغر | 22 |
| 70.559 | 857 | مانسہرہ | 23 |
| --- | --- | کوہستان | 24 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| --- | --- | بٹگرام | 25 |
| 1301.867 | 15811 | ٹوٹل | |

<u>جناب سپیکر</u>: سپلیمنٹری سوال پکښې شته؟

<u>مفتی کفایت اللہ</u>: یره جی د دے وزیر صاحب نه ما له ډیره زیاته حیا راځی خو دا سوال ځکه کوم چه په دے نوښار کښې چه کومه زمکه دوئ همواره کړې ده نو د هغې ګهنټې دی 2293 او په ایبټ آباد کښې چه کومه زمکه همواره شوې ده، د هغې دی 80 ګهنټې، بیا تورغر داسې ضلع ده چه په هغې کښې یوه ګهنټه نشته، په مانسهره کښې 857 او په کوهستان کښې یوه نشته، په بټګرام کښې یوه هم نشته نو ما ته که لږ دا معلومات اوشی چه دا په Need basis باندې کیږی که یا دا چه څوک مخکښې اورسی نو د هغوی کار اوشی او که څوک اونه رسی نو د هغوی، څه یونیفارم پالیسی شته که نه؟

<u>جناب شاہ حسین خان</u>: زما پکښې یو ضمنی سوال دے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی شاه حسین صاحب! ستا زمکه هواره شوې نه ده؟

<u>جناب شاہ حسین خان</u>: په دیکښې جی بټګرام، شانګله، ټانک، دیر، کوهستان او کومې ضلعې چه Already پسمانده دی، په هر څه کښې پسمانده پاتې شوی دی، هغه د دے وزیر صاحب په نظر کښې هم پسمانده پاتې شوی دی نو وجه د اوښائی؟

<u>Mr. Speaker</u>: Honorable Minister for Agriculture, Arbab Ayub Jan Sahib, please.

<u>ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت)</u>: جناب سپیکر صاحب، زهٔ ستاسو ډیر زیات مشکور یمه۔ جناب سپیکر صاحب، ستاسو د معلوماتو د پاره چه دا یو نوې سکیم ما شروع کړې وو چه دس هزار ایکړه زمکه چه کومه د ' کر ' نه ده، هغه به مونږ کوشش کوؤ چه د ابهٔ خور د لاندې راشی او هغه کروندې ته برابر شی۔ جناب سپیکر صاحب، دا هم تاسو ته معلومات دی چه زمونږه ایګریکلچر انجینئرنګ ډیپارټمنټ چه وو یا ډائریکټوریټ چه وو، هغه په تیر شوی دور کښې د یو ګورنر په وخت کښې هغه دا ختم کړې وو جی او نه زمونږ سره بلډوزرې

وے ، نه زمونږ سره هیوی مشینری وه ، نه Power Rigs راسره وو جی۔ بیس هزار ایکړه زمکه جی ، دا زما دغه وو چه دا سلسله به شروع وی او انشاء اللّٰه و تعالیٰ مونږ به ډیره زمکه د ابۀ خور د لاندے راولو۔ اوس جناب مفتی صاحب او شاه حسین صاحب چه دا کوم سوالونه اوکړل نو دا صحیح خبره ده چه په بعضے ځائے کښے ، په بعضو ضلعو کښے به لږ کار کم شوے وی او په بعضے ضلعو کښے به ډیر شوے وی خو د هغے Criteria مونږ دا سے ایښود ے ده چه First come first serve ، چه څوک مونږ ته درخواست راکوی چه یره مونږ ته دومره گهنټے راکړئ نو مونږ به هغوی ته ورکوؤ۔ دویم نمبر خبره دا ده چه کله ایم پی اے صاحب مونږ ته اووائی ، Recommendation اوکړی ، لکه د کوهستان نه یا د بټگرام نه یا مفتی صاحب چه یره دا زمونږه زمکه ده او د هغے د لاندے هغه Formalities پوره کول غواړی ، که دوئ ما ته اووائی نو هغه به مونږه ، اوس خو انشاء اللّٰه و تعالیٰ بلډوزرے به ډیر زر ، مونږ پنځوس بلډوزرے را غوښتی دی جی او ورسره Power Rigs هم دی۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: دا د کله پورے راروانے دی جی؟

<u>وزیرزراعت</u>: جناب سپیکر صاحب ، دا خو په اے ډی پی کښے منظور شوی دی او زر تر زره به انشاء اللّٰه و تعالیٰ مونږ ټینډر کوؤ۔

<u>جناب سپیکر</u>: ښه ، ټینډر لا نه دے شوے ؟

<u>وزیرزراعت</u>: په هغے کښے ما Formalities ایښی دی ، د یو ارب نه زیات فنډ د دے د پاره مختص شوے دے نو ایډیشنل چیف سیکرټری په هغے کښے مونږ ته اووئیل چه دا یوه کمیټی مونږ جوړه کړے ده ، ما جوړه کړے ده۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اوس خو مارچ راغے جی ، کال په ختمیدو دے ، دوه میاشتے دی۔

<u>وزیرزراعت</u>: یو ورکښے فنانس سیکرټری دے ، یو د پی اینډ ډی سیکرټری دے او یو د ایگریکلچر سیکرټری دے ، یو ډائریکټر ایگریکلچر انجینئرنگ ، نو هغه به زر اوشی۔ په دیکښے به د NAB او د RAB نه یو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: په خپل وخت کښے ئے اوکړئ جی۔

<u>وزیرزراعت</u>: په دیکښے یو NAB او RAB نه۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: کوشش کریں کہ آپ کے وقت میں یہ Purchase ہو جائے۔

وزیر زراعت: هغه کمیټی اوشوه، اوس کمیټی اوشوه، اوس اخبار ته به سبا بله ورځ هغه لاړ شی جی او دا اوس هم ستا سو په وساطت دوئ ته وایم چه کوم دغه وی، هغه به اوشی جی۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب، Again، سوال نمبر؟

مفتی کفایت اللہ: یہ سوال نمبر 16 ہے جی۔

جناب سپیکر: جی۔

* 16 _ مفتی کفایت اللہ: کیا وزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے کو زرعی اجناس میں خود کفیل بنانے کیلئے اعلیٰ اقسام کے بیج پر تحقیقات کیلئے ضلعی سطح پر ریسرچ سنٹرز قائم کئے گئے ہیں جبکہ ضلع مانسہرہ میں بھی اسی قسم کا ریسرچ سنٹر کام کر رہا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع مانسہرہ کی سال 11-2010 کی پراگریس رپورٹ، نیز اس میں تعینات سٹاف کے نام، ولدیت، پتہ بمعہ شناختی کارڈ اور آفس کے ماہانہ اخراجات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں، درست ہے ضلع مانسہرہ میں بفہ کے مقام پر زرعی تحقیقی سنٹر موجود ہے۔

(ب) پراگریس رپورٹ برائے سال 11-2010 درج ذیل ہے:

جب ڈھوڈیال میں ہزارہ یونیورسٹی قائم ہوئی تو اسٹیشن ہذا سال 2001 میں بمقام بفہ منتقل ہوا۔ یہ اسٹیشن تقریباً 13 ایکڑ رقبہ پر مشتمل ہے اور اس میں اجناس خوردنی، روغندار اجناس، اثمار، حشرات کیمیا اور فصلات کی بیماریوں پر مشتمل کل چھ شعبہ جات ہیں۔ سال 11-2010 میں سنٹر کا تحقیقی کام مندرجہ ذیل امور پر مشتمل رہا:

- اہم فصلات مثلاً مکئی اور گندم پر تجربات ہوئے۔ مکئی کی دوغلی اور 'سنتھیٹک' اقسام پر تجربات ہوئے، جن میں FBSMH-19، FBSPX-16، FBSPH-20 اور FBSMH نمایاں رہے اور ان کی پیداوار 150 من فی ایکڑ تک رہی۔ گندم پر تقریباً گیارہ تجربات ہوئے، جن میں بین الاقوامی ادارہ برائے ترقی مکئی و گندم (CIMMYT) میکسیکو سے درآمد شدہ نئی اقسام شامل تھیں۔ نمایاں پیداواری

وصف اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت رکھنے والی اقسام کی شناخت کی گئی، جن پر آئندہ سالوں میں جدید تجربات کئے جائیں گے اور گندم کی نئی اقسام تیار کی جائیں گی۔ موسم خریف میں شدید بارشوں اور سیلاب سے فصلات کو نقصان پہنچاتاہم مکئی کی ایک قسم اعظم کا تقریباً 2500 کلو گرام اور گندم PS 2500 کا 6500 کلو گرام بنیادی بیج تیار ہوا جو کہ مقامی کاشتکاروں میں تقسیم کیا گیا۔ اس کے علاوہ مختلف زمینداروں کے ہاں ایک ایکڑ رقبہ پر مشتمل گندم کے 80 اور مکئی کے 106 پلانٹس لگائے گئے تاکہ زمینداروں تک جدید اقسام اور ان کی پیداواری ٹیکنالوجی منتقل ہو سکے۔

- خوردنی تیل اور دالوں کی مختلف فصلات پر تجربات کئے گئے، ان میں مونگ پھلی کی اقسام گولڈن اور آسٹریلین بہترین قرار پائی گئیں۔ کینولا یعنی میٹھی سرسوں کی اقسام H-19/ باسین بہترین رہیں۔
- ہزارہ ڈویژن کی آب وہوا چونکہ باغات کیلئے انتہائی موزوں ہے، اسلئے باغات کے فروغ کیلئے مختلف تجربات ہوئے جو کہ مختلف اقسام کے پھلوں اور سبزیوں پر مشتمل تھے۔ ایک تجربہ بھنڈی کی کاشت پر ہوا، جس نے ثابت کیا کہ مقامی سطح پر بھنڈی 30 مارچ تک کاشت کرنے سے پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ہو سکتا ہے جبکہ سبزی کی بہترین پیداواری صلاحیت 175 من فی ایکڑ ریکارڈ کی گئی۔
- مولی کی فصل کیلئے نائٹروجن کھاد کی مقدار کے تعین پر تجربہ ہوا، جس سے معلوم ہوا کہ 160 کلو گرام فی ہیکٹر نائیٹروجن کے استعمال سے مولی کی پیداوار کو بڑھایا جا سکتا ہے۔ پیاز کی اعلیٰ قسم سوات ون کا 12 کلو معیاری بیج پیدا کیا گیا اور اس کے ساتھ مولی اور شلغم کا بیج بھی تیار ہوا۔
- کھادوں کی سفارشات کے تقریباً مختلف علاقوں سے لائے گئے 50 نمونوں کا تجزیہ کرکے زمینداروں کو کھادوں کی سفارشات دی گئیں۔ اسی طرح گندم کی بھرپور پیداوار حاصل کرنے کیلئے نائٹروجن اور فاسفورس کے ساتھ 20 کلو گرام فی ہیکٹر سلفر کے استعمال سے گندم کی پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ دیکھنے میں آیا۔ اسی طرح پیاز کی فصل پر بوران کے استعمال سے پیداوار میں اضافہ کیا گیا۔
- تقریباً 200 زمینداروں کو مختلف فصلات کے بارے میں تربیت دی گئی۔ دو مقامات پر فیلڈ ڈیز منعقد کرائے گئے، جن میں کاشتکاروں کو فصلات کی پیداوار بڑھانے کے طریقے بتائے گئے۔ مذکورہ ریسرچ سنٹر میں تعینات سٹاف بمعہ مطلوبہ تفصیل اور آفس کے ماہانہ اخراجات کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

Mr. Speaker: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، مجھے کچھ معلومات چاہیئے تھیں اور میں بہت زیادہ مطمئن ہوں۔

Mr. Speaker: Thank you ji. Again Mufti Kifayatullah Sahib. Question number?

مفتی کفایت اللہ: یہ سوال نمبر 17 ہے۔

جناب سپیکر: جی۔

* 17 _ مفتی کفایت اللہ: کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ہمارا ملک زرعی اجناس میں خود کفیل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ گزشتہ سال سیلاب کی وجہ سے صوبے کی معیشت کو بری طرح نقصان پہنچا ہے؛

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ سیلاب اور دہشت گردی کی وجہ سے زراعت اور فصلوں کو کافی نقصان پہنچا ہے؛

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ مختلف ماہرین رواں سال زرعی اجناس شکر، گندم اور چاول کی قلت کی طرف اشارہ دے رہے ہیں؛

(ھ) اگر (الف) تا (د) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) صوبائی حکومت نے زرعی اجناس شکر، آٹا اور چینی کی کمی دور کرنے کیلئے کیا اقدامات اٹھائے ہیں؛

(ii) رواں سال 11-2010 میں کون کونسی اور کتنی مقدار میں اشیاء کی قلت کا اندیشہ ہے؟

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): (الف) جی ہاں۔ اگرچہ اس سوال کا جواب مرکزی وزارت خوراک وزراعت کے احاطۂ عمل میں آتا ہے تاہم معاشی جائزہ برائے 11-2010 کے مطابق گندم کی کل ملکی پیداوار 24.214 ملین ٹن رہی جس کا 90 فیصد حصہ 17,57,46,000 افراد کی خوراک کیلئے بحساب 124 کلو گرام فی کس سالانہ کے حساب سے کافی ہے۔ اس طرح مکئی کی پیداوار 3.341 ملین ٹن، گنا 55.309 ملین، چاول 4.823 ملین ٹن رہی جبکہ صوبہ خیبر پختونخوا ان اجناس میں خود کفیل نہیں اور اپنی غذائی ضروریات کی کمی صوبہ پنجاب وغیرہ سے پوری کرتا ہے۔ 11-2010 میں صوبہ خیبر پختونخوا میں ان اجناس کی پیداوار یہ رہی۔ گندم 156 ملین ٹن، جس کا 90 فیصد حصہ 83,89,066 افراد کی غذائی ضرورت پوری کرتا ہے جو کل غذائی ضرورت کا 31 فیصد ہے جبکہ خیبر پختونخو (بشمول قبائلی علاقہ جات) کی تخمیناً آبادی 3,03,68,000 ہے، جس کیلئے 3.77 ملین ٹن گندم کی ضرورت ہے اور 69 فیصد کی کمی

کو دوسرے صوبوں سے پورا کیا جاتا ہے۔ علاوہ ازیں مکئی کی پیداوار 0.740 ملین ٹن، چاول 0.784 ملین ٹن اور گنے کی پیداوار 4.030 ملین رہی۔

(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کہ سیلاب کی وجہ سے صوبہ بھر میں تباہی پھیلی اور کھڑی فصلیں تباہ ہو گئیں۔ سیلاب اور شدید بارشوں سے ہونے والی تباہی کے حساب سے اضلاع کی درجہ بندی کی گئی۔ بری طرح متاثرہ دس اضلاع درجہ اول، درمیانی سطح پر متاثرہ نو اضلاع درجہ دوئم اور کم سطح کی تباہی سے دو چار پانچ اضلاع کو درجہ سوئم میں رکھا گیا۔ بحیثیت مجموعی فصلات کو ہونے والے نقصانات میں مکئی 26 فیصد، چاول کی فصل 22 فیصد، پھلوں کے باغات 20 فیصد جبکہ سبزیات 46 فیصد۔

(ج) جی ہاں، یہ درست ہے کہ دہشت گردی کی کارروائیوں کی وجہ سے پاکستان کی تاریخ کی سب سے بڑی نقل مکانی ہوئی۔ متاثرہ اضلاع، سوات، ملاکنڈ، بونیر، شانگلہ، دیرلوئر، ڈیرہ اسماعیل خان اور ٹانک وغیرہ سے 35 تا 40 لاکھ افراد نے نقل مکانی کی اور اپنے پیچھے کھڑی فصلیں چھوڑیں۔ FAO کے نقصانات کی فوری جائزہ رپورٹ کے مطابق گندم کی فصل کو ہونے والے نقصانات 47 فیصد، چاول 58 فیصد، تمباکو 49 فیصد، پھلوں کے باغات 56 فیصد اور سبزیات کی فصلوں کو ہونے والے نقصانات کا تخمینہ 62 فیصد رہا۔

(د) اس قسم کی کسی بھی مصدقہ رپورٹ سے محکمہ زراعت لاعلم ہے۔ اس سوال کا براہ راست تعلق محکمہ خوراک سے ہے جو بہتر طور پر جواب دے سکتے ہیں۔

(ھ) (i) صوبائی حکومت حتی المقدور کوشش کرتی ہے کہ معاشی استحکام اور ترقی کیلئے اقدامات اٹھائے جائیں۔ صوبہ کا 51 فیصد حصہ بارانی زراعت سے منسلک ہے، زمیندار کا انحصار بارشوں پر ہے جس کی وجہ سے زمیندار اپنی فصلات سے خاطر خواہ پیداوار حاصل نہیں کر سکتا۔ زراعت چونکہ اکنامک سیکٹر ہے جس کے استحکام کیلئے مختلف ترقیاتی منصوبوں کی مدد سے کاشتکاران کی معاونت کی جاتی ہے۔ گومل زام منصوبہ جو کہ اپنی تکمیل کے آخری مراحل میں ہے، کی مدد سے 163000 ایکڑ رقبہ آبپاش کیا جائیگا، جس کی مدد سے فصلات کی فی ایکڑ پیداواری صلاحیت بڑھ جائے گی۔ اس طرح جنوبی اضلاع کے بارانی رقبہ کیلئے لفٹ کینال منصوبہ زیر غور ہے جس کیلئے آئندہ مالی سال میں فنڈز مختص کئے جائیں گے اور کام شروع کیا جائیگا۔

(ii) زرعی فصلوں کا انحصار زرعی مداخل کی بنیادی اکائی پانی پر ہے۔ وقت پر بارشوں کا ہونا موجودہ فصلات پر مثبت اثر انداز ہونگے اور اللہ کی ذات سے امید واثق ہے کہ بنیادی غذائی اجناس میں قلت پیدا نہیں ہو گی۔

<u>Mr. Speaker</u>: Any supplementary?

مفتی کفایت اللہ: نہیں جی، میں Appreciate کرتا ہوں، محکمے نے بہت اچھا جواب دیا ہے اور میں مطمئن ہوں۔

Mr. Speaker: Thank you. Again Mufti Kifayatullah Sahib, question number?

مفتی کفایت اللہ: یہ سوال نمبر 18 ہے۔

جناب سپیکر: جی۔

* 18 _ مفتی کفایت اللہ: کیاوزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے میں مگس بانی (شہد کی مکھیوں) کا محکمہ موجود ہے جس نے خاطر خواہ ترقی کی ہے اور محکمہ غیر تربیت یافتہ افراد کو تربیت دیتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) محکمہ کی اپنی صلاحیت کی تفصیلات فراہم کی جائیں، یعنی صرف لوگوں کو تربیت دینے تک محدود ہے یا اپنے فارمز بھی قائم کئے ہوئے ہیں؛

(ii) قائم کئے گئے فارمز کی تفصیلات اور پیداوار وغیرہ کی تفصیل فراہم کی جائے، اگر اپنے فارمز قائم نہیں ہیں تو اس کی وجوہات بتائی جائیں؟

ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت): (الف) جی نہیں، صوبے میں مگس بانی کا کوئی علیحدہ محکمہ موجود نہیں، البتہ مگس بانی کا ایک چھوٹا سا حصہ شعبہ حشرات ترناب فارم سے منسلک ہے۔ اپنی استعداد کے مطابق سیکشن کے اس حصے کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں:

1۔ لوگوں کو مگس بانی کے اصولوں سے روشناس کرانا

2۔ ضرورت کے مطابق مگس بانوں کو تکنیکی مدد فراہم کرنا

3۔ مگس بانی کی بدولت فصلوں کی پیداواری صلاحیت بڑھانے پر تحقیق کرنا

(i) اس ذیلی حصے کے پاس صرف ایک فارم ہے جو کہ موجودہ وقت میں 40 بکسوں پر مشتمل ہے۔ یہ فارم مندرجہ بالا مقاصد کیلئے استعمال ہوتا ہے۔ اس فارم سے سال 2011 کے دوران صرف دو موسموں میں 322 کلو گرام شہد حاصل کیا گیا ہے۔ اس میں 105 کلو گرام پھلائی (یعنی پلوسہ) کا اور 217 کلو گرام بیر کا شہد شامل ہے۔ یہ شہد مقررہ نرخ پر بیچا جا رہا ہے اور اس کے پیسے حکومت کے خزانے میں جمع کئے جاتے ہیں۔ یہ سیکشن شہد کی مکھیوں کے مزید فارمز اسلئے قائم نہیں کر سکا کیونکہ سیکشن ہذا کا اس کے علاوہ

مختلف فصلوں کے نقصان دہ کیڑوں کی مد میں تحقیق کرنااور اس سلسلے میں لوگوں کو تربیت، تدارک وغیرہ جیسی ذمہ داریاں بھی شامل ہیں۔ ہر سال یہ سیکشن سالانہ ایک ہفتہ مگس بانی کے تربیتی کورس کااہتمام کرتا ہے۔اس کورس کے دوران 50افراد کی مکمل تربیت کیجاتی ہے۔ مگس بانی سے منسلک ہر شخص کسی نہ کسی طور پراس شعبہ سے تربیت یافتہ ہے۔

(ii) ایضاً

<u>جناب سپیکر:</u> اس میں کیاپوزیشن ہے؟

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> اس میں ضمنی سوال پوچھنے کی جرات کرتا ہوں جی اور وہ یہ کہ میں نے مگس بانی کے بارے میں سوال کیا تھا۔ یہ شہد کی مکھیوں کو پالنے کا جو پیشہ ہے، اس کو مگس بانی کہتے ہیں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی جی۔

<u>مفتی کفایت اللہ:</u> توانہوں نے جواب دیا ہے جی کہ "نہیں، صوبے میں مگس بانی کا کوئی علیحدہ محکمہ موجود نہیں، البتہ مگس بانی کا ایک چھوٹا ساحصہ شعبہ حشرات ترناب فارم سے منسلک ہے۔ اپنی استعداد کے مطابق سیکشن کے اس حصے کے مقاصد مندرجہ ذیل ہیں"، پھر آگے انہوں نے مقاصد بتائے ہیں۔ میں عرض یہ کرتا ہوں کہ ہمارا صوبہ پہلے سے بے روزگاری کا شکار ہے اور مگس بانی اس صوبے میں ہو رہی ہے لیکن وہ پرائیویٹ اور نجی شعبے کے اندر ہو رہی ہے اور نجی شعبے میں بہت سارے لوگ اس سے منسلک ہیں، ان کا روزگار اس سے منسلک ہے اور اس سے بہت فائدہ بھی ہوتا ہے لیکن آخر ہماری صوبائی حکومت یا اس محکمے کیلئے کیا عذاب درپیش ہے کہ وہ اس کے اندر کام نہیں کرتے؟ یہ ریسرچ بھی کرلیتی ہے اور اس کے اچھے اچھے اقسام بھی پیدا ہو جاتے ہیں، پھر لوگوں کے اندر یہ Awareness پیدا نہیں کرتے کہ اب یہ اپنی نگرانی کے اندر ایک سرکاری سنٹر قائم کریں، دو سنٹر قائم کریں، وہاں سالانہ مگس بانی کی جو پیداوار ہے، وہ اتنی ہے تو اس طرح نہیں کرتے، تو میں تو یہ چاہ رہا تھا کہ ہمارے وزیر صاحب یہ بتائیں کہ اب ہم ایسا کرینگے، اگر وہ اس طرح ارشاد فرمائیں کہ آئندہ ان کا یہ پروگرام ہے تو مجھے اطمینان ہو جائیگا۔

<u>جناب سپیکر:</u> جناب آنریبل منسٹر فار ایگریکلچر، ارباب ایوب جان صاحب۔

<u>ارباب محمد ایوب جان (وزیر زراعت):</u> جناب سپیکر صاحب، زۀ ستاسو مشکور یمه او ستاسو په وساطت د مفتی صاحب هم ډیر مشکور یمه او په دے هم د دوئ مشکور یمه چه زمونږ په ډیپارټمنټ کښے ډیره زیاته دلچسپی هم لری او ډیر ښۀ کوئسچن هم کوی، زۀ ئے Appreciate کومه او دلته زمونږه ډیر زمیندار ان

ورونړه دی، زمونږه 101 پراجیکټس روان دی نو پکار ده چه څه تپوس خو رانه کوی چه دا ایګریکلچر ډیپارټمنټ او حکومت څه کوی لګیا دے ؟ جناب سپیکر صاحب، د مچو د پاره، د شاتو د مچو د پاره دا تقریباً د څلویښت کالو نه، د دیرش څلویښت کالو نه په ترناب فارم کښے اول خو دیرش څلویښت بکسے به وے ، اوس هغه بکسے کمے شوے۔ سپیکر صاحب، په هغے کښے مونږ د خپلے صوبے خلقو ته ټریننګ ورکوؤ چه مچئ به خلق څنګه ساتی، په کوم سیزن کښے به ساتی، طریقه کارئے څه دے او کال په کال د هغوی ټریننګ کیږی جی۔ اول به تقریباً تیس چالیس کسانو ته به مونږه ټریننګ ورکولو، اوس جناب سپیکر صاحب، دا ډیره د خوشحالئ خبره ده چه د ساؤتھ وزیرستان، د نارتھ وزیرستان او د کرمے نه هم خلق راځی۔ جناب سپیکر صاحب، زما دا خیال دے چه په دے راتلونکی ورځو کښے زمونږ چه کوم خلق ټرینډ شی او چا ته چه مونږ سرټیفیکیټس ورکوؤ نو د هغے د مهمان خصوصی د پاره به تاسو راغواړو چه تاسو پخپله هم اوګورئ او مفتی صاحب به هم Invite کوؤ۔ سپیکر صاحب، په دیکښے دا۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: *لیکن اچھاشہد،اچھاشہد ذراضرور رکھیں،ایسے مفت میں ہمیں، مفتی صاحب کو نہ ٹرخائیں۔*

*(قہقہہ)*

<u>وزیرزراعت</u>: عشر به اوباسو او تاسو به۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: *عشر۔۔۔۔۔*

<u>وزیرزراعت</u>: عشر به دیخوا اوباسو جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: او جی۔

<u>وزیرزراعت</u>: او دیخوا به تاسو ته ستاسو حصه۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: او مونږ ته هغه بل څیز ،۔۔۔۔

*(قہقہہ)*

<u>وزیرزراعت</u>: نو جناب سپیکر صاحب، د دے شهد ټریننګ اخلی او د هغے په وجه باندے جناب سپیکر صاحب، زهٔ اوس دا فخر کومه او د خدائے تعالیٰ مشکور

یمه چه د دے پختونخوا صوبے نه چه کوم ډیر زیات او قیمتی ایکسپورټ کیږی او ډیر زیات چه کیږی نو هغه د شهدو دے جی او بله یوه صوبه هم د شهدو دومره ایکسپورټ نه کوی، گلف سټیټس ته، سعودی عرب ته او مډل ایسټ ته په اربونو روپو کښے جناب عالی دا کیږی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: اچھا۔

<u>وزیرزراعت</u>: او لوئے مارکیټ، دا دیخوا ترناب فارم به تاسو کتلے وی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: او او، بالکل۔۔

<u>وزیرزراعت</u>: نو تاسو که یو ورځ راغلئ نو چه زهٔ تاسو ته اوښایم جی او دا د ځان سره، سیکرټری ته اووایئ چه اولیکی، نو د ترناب فارم چکر به۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: نه نه، ضرور به درځو جی۔

<u>وزیرزراعت</u>: د ترناب فارم چکر به هم لګوؤ، مفتی صاحب به هم راسره وی چه هغوی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: سعید خانه! دا د ځان سره اولیکه خو مفتی صاحب خو لږ درس له بوځئ چه خلقو ته ښهٔ دغه ورکړی، دلچسپی هم واخلی او لږ به ئے پوهه هم کړی۔

<u>وزیرزراعت</u>: دا دعا به ورته اوکړی چه په ایکسپورټ کښے خدائے پاک زیات برکت واچوی۔

<u>جناب سپیکر</u>: ښه، دغه جی پکار ده، (قہقہہ) جی۔

<u>وزیرزراعت</u>: ډیره مهربانی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: شکریه۔ بل سوال، مفتی سید جانان صاحب، سوال نمبر جی؟

<u>مفتی سید جانان</u>: مونږه خو ئے جی د شهدوو د ویش نه پریښنودو خو څه په خپل سوال باندے به خبره اوکړو۔ (قہقہہ) دا جی۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: (قہقہہ) سوال نمبر څه دے جی؟

<u>مفتی سید جانان</u>: دا جی، سوال نمبر دے 54 جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

* 54 _ <u>مفتی سید جانان</u>: کیاوزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:
(الف) تورہ وڑئی یونین کونسل، تحصیل ٹل میں گزشتہ دو سالوں کے دوران واٹر چینل کی تعمیر کیلئے ایک ملین روپے کی رقم منظور ہوئی تھی؛
(ب) مذکورہ رقم دو سال گزر جانے کے باوجود تاحال استعمال نہیں کی گئی ہے؛
(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو مذکورہ کام کس ٹھیکیدار کو دیا گیا تھا، نیز یہ رقم استعمال نہ کرنے میں کون حائل تھا اور اس کی اس غفلت کے خلاف محکمانہ کارروائی کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و آبپاشی)}</u>: (الف) جی ہاں، یہ درست ہے کہ تورہ وڑئی یونین کونسل، تحصیل ٹل میں واٹر چینل کیلئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں مبلغ ایک ملین روپے کی رقم کی منظوری دی گئی تھی۔
(ب) جی ہاں، یہ درست ہے کہ گزشتہ سال 11-2010 میں یہ رقم استعمال نہیں کی گئی۔
(ج) مذکورہ سالانہ ترقیاتی پروگرام میں بحوالہ ADP No. 475 Umbrella "Rehabilitation and improvement of small Irrigations schemes"، جس کا تخمینہ لاگت مبلغ 253.830 ملین روپے ہے۔ اس سکیم میں مذکورہ کام کیلئے ایک ملین روپے رکھے گئے ہیں جو کہ جاری سکیم ہے اور جون 2012 میں پایہ تکمیل تک پہنچے گی۔ تورہ وڑئی کا کام مطیع اللہ شاہ ٹھیکیدار کو تفویض کیا گیا۔ چونکہ ہنگو میں حالات خراب ہونے کی وجہ سے کام بروقت شروع نہیں کیا جا سکا، جیسے ہی حالات ٹھیک ہوئے تو متعلقہ ٹھیکیدار کو کام شروع کرنے کی ہدایت جاری کر دی گئی۔ متعلقہ ٹھیکیدار نے ہدایت ملتے ہی کام شروع کیا مگر جب اس کا معائنہ کیا گیا تو متعلقہ ٹھیکیدار نے کام معیار کے مطابق نہیں کیا تھا، جس پر ٹھیکیدار کو بروقت کام توڑ کر دوبارہ ٹھیک کرنے کا حکم دیا گیا لیکن ٹھیکیدار تاحال اپنا کام صحیح نہیں کر سکا، جس پر محکمہ آبپاشی نے دوبارہ احکامات جاری کئے۔ اگر متعلقہ ٹھیکیدار نے کام کو صحیح طور پر پایہ تکیمل تک نہیں پہنچایا تو اس کے خلاف کنٹریکٹ ایگریمنٹ کے مطابق محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔

<u>جناب سپیکر</u>: سپلیمنتری سوال پکښے شته؟

<u>مفتی سید جانان</u>: دا جی زما د غریبے ضلعے لس لکھه روپئ دی جی، دا په ټوله صوبه کښے تاؤ شولے، درے کاله ئے اوشو جی، هر چا ته ورغلے یمه،

سیکرټری صاحب ته ورغلے یم، چیف انجینئر صاحب ته ورغلے یم، منسټر صاحب ته مے دا گزارش دے چه دوئ د اووائی چه په دغے باندے به کار شروع شی، نور هیڅ څه سپلیمنټری مے نشته جی۔

Mr. Speaker: Ji honorable Senior Minister for Irrigation and Planning, Rahim Dad Khan Sahib, please.

جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وآبپاشی)}: مهربانی جی۔ سپیکر صاحب، د مفتی صاحب مونږ قدر کوؤ جی او ډیر ښهٔ پرفارمنس ئے دے او ډیر په ښهٔ انداز باندے دوئ په دے ځائے کښے چه کومه کارروائی ده، په هغے کښے حصه اخلی۔ دا د دوئ علاقے له منظورے شوے وے خو د دوئ د هغه ځائے حالات ښهٔ نه وو نو دا کار رکاؤ شوے وو۔ اوس حالات ښهٔ شو او بیا Intimation ټهیکیدار ته ورکړے شوے دے چه کار اوکړه خو د دوئ Grievances دی چه کار صحیح نه دے نو زهٔ د دے ځائے نه هغوی ته هدایت کومه چه په لس ورځو کښے دننه دننه دا معامله Sort out کړی او که اونه شوه نو د محکمے د دغه نه به هم چه کوم دے، د هغوی خلاف به کارروائی کوؤ او ټهیکیدار چه کوم دے، د هغه خلاف هم چه کوم کنټریکټ ایګریمنټ دے، د هغه خلاف به هم بیا کارروائی کوؤ۔

جناب سپیکر: شکریه جی۔ مفتی سید جانان صاحب! بل سوال څه دے جی؟

مفتی سید جانان: دا جی سوال دے، 79 نمبر ئے دے۔

جناب سپیکر: جی۔

* 79 _ مفتی سید جانان: کیا وزیر زراعت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) محکمہ واٹر مینجمنٹ مختلف اضلاع میں زمینداروں کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) گزشتہ تین سالوں کے دوران مذکورہ محکمہ نے جن جن اضلاع میں جن جن مقامات پر جو کام کئے ہیں، ان کاموں کی تفصیل بمعہ صرف شدہ رقوم کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے، نیز یہ کام کس بنیاد پر کئے جاتے ہیں؛

(ii) کیا یہ ادارہ صوبائی اور قومی نمائندوں کو نظر انداز کر کے من مانی اور پسند و ناپسند کی بنیاد پر کام کرتا ہے؛

(iii) گزشتہ تین سالوں کے دوران ضلع ہنگو کی دونوں تحصیلوں میں مذکورہ ادارے نے جو کام جس جگہ کئے ہیں، ان کی تفصیل اور ان پر صرف شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی جائے؟

ارباب محمد ایوب جان(وزیر زراعت): (الف) جی ہاں۔

(ب) (i) گزشتہ تین سالوں کے دوران محکمہ نے جن اضلاع میں جو کام کئے ہیں، ان کی ضلع وائز تفصیل بمعہ صرف شدہ رقم کی تفصیل فراہم کی گئی، نیز کل لاگت کا 20 فیصد حصہ زمیندار مزدور اور مستری کی صورت میں فراہم کرتا ہے جبکہ محکمہ 80 فیصد تعمیراتی سامان کی صورت میں فراہم کرتا ہے۔

(ii) جی نہیں، بلکہ یہ ادارہ صوبائی اور قومی نمائندوں کی سفارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کی موزونیت کی بنیاد پر کام کرتا ہے۔

(iii) گزشتہ تین سالوں کے دوران ضلع ہنگو کی دونوں تحصیلوں میں کئے گئے کام اور ان پر صرف شدہ رقم کی تفصیل بھی مہیا کی گئی۔

جناب سپیکر: سپلیمنٹری سوال پکښے شته؟

مفتی سید جانان: سپلیمنٹری خو جی په دیکښے دا دے چه مونږ ته ئے کوم لسټ راکړے دے کنه، په دیکښے جی په 10 نمبر باندے هنگو دے۔ په 09-2008 کښے 21.24 ملین، په 10-2009 کښے 4.70 ملین او په 11-2010 کښے 4.78 لاکھ روپئ لګیدلی دی۔ دا ټوټل جی زما په تحصیل کښے کارونه شوی دی، 47 کارونه شوی دی جی 47 کارونه۔ ما په دے (ب) جز کښے لیکلی دی چه "کیا یہ ادارہ صوبائی اور قومی نمائندوں کو نظر انداز کر کے من مانی اور پسند و ناپسند کی بنیاد پر کام کرتا ہے؟"، دوئ جی ما ته په جواب کښے لیکلی دی "جی نہیں، بلکہ یہ ادارہ صوبائی اور قومی نمائندوں کی سفارشات کو مدنظر رکھتے ہوئے کام کی موزونیت کی بنیاد پر کام کرتا ہے"۔ تاسو یقین اوکړئ جی، دغے محکمے والا ته به ما درے څلور ځله ټیلیفونونه کړی وی چه که ستاسو سره دا پیسے وی نو زمونږ سره لږ مدد اوکړئ۔ د نورو خلقو په خله ئے کوئ نو مونږه هم عوامی نمائندګان یو کنه جی۔ په دے 47 کارونو کښے دوئ یوه پیسه زمونږ په خله باندے نه ده لګولے او زما په ځایونو کښے ئے لګولے ده، هغه ئے بالکل په غیر مناسب ځایونو کښے لګولے ده او هیڅ څه ځائے ئے نه دے نیولے نو منسټر

صاحب ته جی زۀ څه وئیلے نه شم، دا زمونږه مشر دے خو یو بنۀ غوندے جواب د ورکړی جی۔

جناب سپیکر: آنریبل منسٹر صاحب، ارباب ایوب جان صاحب۔

وزیرزراعت: جناب سپیکر صاحب، زۀ ستاسو مشکور یمه۔ دلته جی محکمے خو دا جواب ورکړے دے چه عوامی نمائندگان خو دلته خو تاسو هم زمینداران یئ۔ دلته طریقه کار دا وی چه Eighty او Twenty percent ratio ده، 80% گورنمنټ ورکوی او 20% زمیندار ورکوی۔ جناب سپیکر صاحب، په دیکښے د کلی کمیټیانے جوړے شی او په هغے کښے یو صدر وی، تاسو ټولو ته د هغے پته ده چه لس دولس کسان وی نو هغه بیا مونږ ته راشی، مونږ د هغوی کار کوؤ خو مفتی جانان صاحب زمونږه مشر دے، قابل احترام دے، که د دوئ څه کارونه پاتے وی او د دوئ په نوټس کښے دا خبره وی چه زما کار پاتے دے، ما چا ته وئیلی دی او هغه نه دے شوے، دوئ د ما ته حکم اوکړی، زۀ به د دوئ د حکم تعمیل په 24 گهنټو کښے دننه دننه کوم جی۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

## اراکین کی رخصت

جناب سپیکر: ان معززاراکین نے رخصت کیلئے درخواستیں ارسال کی ہیں، جن میں: نصیر محمد خان میداد خیل 02-20تا02-24؛ یاسمین نازلی جسیم صاحبہ 02-20؛ محمد انور خان 02-20؛ سید محمد علی شاہ باچا 02-20؛وجیہہ الزمان صاحب02-20؛ میاں نثار گل صاحب02-20تا02-24؛ڈاکٹر ذاکراللہ صاحب 02-20؛ثاقب اللہ خان صاحب 02-20؛ ڈاکٹر حیدر علی خان صاحب 02-20؛ ہمایون خان صاحب 02-20و02-21؛ جناب ثناء اللہ خان میانخیل صاحب02-20؛ منور خان صاحب 02-20؛ عبدالستار خان02-20اور سجاداللہ خان02-20تااختتام اجلاس۔

Is it the desire of the House that the leave may be granted?

(The motion was carried)

Mr. Speaker: Leave is granted. Ji Dr. Sahiba, Dr. Faiza Rasheed, please.

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: تھینک یو جی۔ سپیکر صاحب، سب سے پہلے یہ کہ میرا جو پوائنٹ آف آرڈر ہے، اس سے پہلے میں ایک بات کرنا چاہونگی کہ حالیہ دنوں میں پاکستان، افغانستان اور ایران کے درمیان جو معاہدہ ہوا ہے، جس میں پاکستان نے اور Specially پاکستان کی سیاسی قیادت نے بیرونی دباؤ کو Reject کرتے ہوئے ایران کے ساتھ نہ صرف گیس پائپ لائن معاہدے پر دستخط کئے ہیں بلکہ ایران کے ساتھ یکجہتی کا بھی اظہار کیا ہے تو اس کیلئے میں اس ایوان کو اور ساری قوم کو مبارکباد پیش کرتی ہوں اور ہمارے صدر آصف علی زرداری صاحب کا یہ ایک جرات مندانہ فیصلہ تھا اور انہوں نے یہ ثابت کر دیا کہ پاکستان کی سیاسی قیادت کسی بیرونی دباؤ کا شکار نہیں ہے تو اس کیلئے ہم ان کو Appreciate کرتے ہیں۔ سپیکر صاحب، اس کے بعد میں آپ کی توجہ ہری پور ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال میں دو روز پہلے رونما ہونے والے واقعے کی طرف دلاؤنگی، جس میں لکھا تھا کہ ویمن اینڈ چلڈرن ہسپتال میں مریضہ ایڑیاں رگڑ رگڑ کے مر گئی۔ سپیکر صاحب، تفصیلات کے مطابق مریضہ صبح آٹھ بجے ویمن اینڈ چلڈرن ہاسپٹل میں آئی تو اس کو کہا گیا کہ وہاں جو ڈسٹرکٹ گائناکالوجسٹ ہیں، انہوں نے کہا کہ ان کا جو پرائیویٹ کلینک ہے، اس میں تشریف لے جائیں لیکن مریضہ نے اپنی غربت اور بے بسی کا اظہار کیا۔ چونکہ وہ زچگی کی حالت میں تھی، سارا دن وہ فریادیں کرتی رہی، اس کا بلڈ پریشر تک کسی نے چیک نہیں کیا اور رات آٹھ بجے وہ مریضہ بچے سمیت اللہ کو پیاری ہو گئی۔ جناب سپیکر، میری سمجھ میں نہیں آتا کہ میں اس واقعے کا الزام کس پہ دوں؟ سب سے پہلے تو میں سمجھتی ہوں کہ ان دو انسانی جانوں کا جو خون ہے، وہ پریویلج کمیٹی کے جتنے ارکان ہیں تو یہ مجھے ان کے ہاتھوں پہ نظر آتا ہے کیونکہ جب میں نے انہی ڈاکٹروں کے خلاف پریویلج موشن لائی تھی تو سر، ساری چیزوں کو، قانون کو اور ہر چیز کو بالائے طاق رکھتے ہوئے میری مخالفت کی گئی تھی اور ان ڈاکٹروں کو شہ دی گئی تھی۔ اگر اس وقت ان کے ہاتھ روکے جاتے تو آج یہ واقعہ پیش نہ آتا۔ صرف یہی نہیں بلکہ اسی لیڈی ڈاکٹر صاحبہ کی ہٹ دھرمی کی وجہ سے اس مہینے میں تین ڈیلیوریاں سڑکوں پہ ہو چکی ہیں، جو ان کی پرائیویٹ کلینک پہ نہیں جاتا، وہ ان کو نہیں کرتی۔ اس میں ہاسپٹل کا ایم ایس بھی برابر کا شریک ہے اور سارے ایکدوسرے کو بچانے میں لگے ہوئے ہیں۔ سر، میں اس بات پر ایوان کی توجہ دلانا چاہونگی کہ ہم جتنی بھی فیمیل ممبران ہیں تو ہمارے کسی توجہ دلاؤنوٹس پہ، ہماری کسی قرارداد پہ اور ہمارے کسی بل پہ یہ ایوان سیریس نہیں ہوتا، ہاہاہی ہی کر کے چیزوں کو ہوا میں اڑا دیا جاتا ہے اور بالکل ہمارا ساتھ نہیں دیا جاتا۔ اگر ہم سندھ اسمبلی، پنجاب اسمبلی، Even بلوچستان اسمبلی جس کو ہمارے لوگ بہت

ہی Backward Assembly کہتے ہیں، وہاں پر بھی فیمیلز کو باقی Elected Members کی طرح برابر حقوق حاصل ہیں لیکن پتہ نہیں کہ ہمارے صوبے کی جو اسمبلی ہے، وہ ہم خواتین کو اتنا Press کیوں رکھے ہوئی ہے؟ سر، میں اس ایوان کی توجہ اس طرف بھی دلانا چاہونگی کہ ہمیں ہمیشہ کہا جاتا ہے کہ آپ لوگ مخصوص نشستوں پہ آئے ہیں اور آپ کے وہ Rights نہیں ہیں، تو مجھے قانون کی وہ کتاب بتائی جائے کہ جس میں لکھا ہوا ہے کہ جو فیمیل ممبران ہیں، ان کا کوئی Right نہیں ہے؟ سر، جہاں تک Elected لوگوں کی بات ہے تو میں سمجھتی ہوں کہ میں نے بھی الیکشن لڑا تھا اور یہاں پہ بہت سی بالائی نشستوں اور اچھی معزز نشستوں پہ بیٹھنے والے بہت سے اراکین اسمبلی سے میں نے زیادہ ووٹ لئے تھے لیکن سر، ہمیشہ ہماری رائے کو اہمیت نہیں دی جاتی ہے اور ردی کی ٹوکری میں پھینکی جاتی ہے اور میں سمجھتی ہوں کہ میرا اس ایوان میں بیٹھنا بالکل فضول ہے کیونکہ میرا تعلق پاکستان پیپلز پارٹی سے ہے جو کہ پیپلز کی یعنی عوام کی پارٹی ہے تو سر، میں یہ کہتی ہوں کہ تین دن کے اندر اگر مذکورہ ڈاکٹر صاحبہ اور ایم ایس کو ضلع بدر نہ کیا گیا، تب تک میں اپنا استعفیٰ پیش کرتی ہوں اور اس وقت تک میں اپنا استعفیٰ واپس نہیں لونگی جب تک ان کے خلاف کارروائی نہیں کی جاتی اور باقی ڈاکٹروں کا قبلہ درست نہیں کیا جاتا۔ تھینک یو۔

(تالیاں)

<u>جناب سپیکر:</u> کیا آپ لوگوں کو بہت اچھا لگا ان کا استعفیٰ کا پیش کرنا؟ ہاں، بہت بڑی شہ دیتے ہیں۔ ایک تو وہ بیچاری رو رہی ہے اور آپ دوسرے سے، جی گورنمنٹ کی طرف سے۔۔۔۔۔

<u>بیرسٹر ارشد عبداللہ (وزیر قانون):</u> سپیکر صاحب!

<u>جناب سپیکر:</u> جی آنریبل لاء منسٹر صاحب، پلیز۔

<u>وزیر قانون:</u> سب سے پہلے تو میں فائزہ بی بی کو بڑے احترام اور بڑے ادب سے کہتا ہوں کہ جتنے بھی مرد حضرات ہیں، ایم پی ایز ہیں، بڑے صبر سے، بڑے تحمل سے اور بڑے پیار سے انہوں نے آپ کی ساری باتیں سنیں اور آپ کا اتنا ہی حق ہے جتنا کسی ممبر کا ہے اور جہاں تک جس ڈاکٹر صاحبہ کی آپ بات کر رہی ہیں تو بات یہ ہے کہ اس کے اوپر Already ڈی سی او ہری پور جو ہے، انکوائری اس کی چل رہی ہے اور چند ہی دنوں میں وہ آ جائے گی تو اس Matter میں میری گزارش ہو گی کہ اس کو اگر تھوڑا پینڈنگ رکھ دیا جائے اور In the meantime آپ سے گزارش ہو گی کہ استعفیٰ والی بات واپس لے لیں تو انشاء اللہ اس پر بڑا Strict action ہو گا۔ اگر ایسی بات نکلتی ہے اور انکوائری ہو رہی ہے تو کم از کم انکوائری تک

آپ انتظار کر لیں تو اس کے بعد پھر جو فیصلہ جیسا بھی ہو گا انشاء اللہ اور ہیلتھ منسٹری آپ کی پارٹی کی منسٹری ہے تو انشاء اللہ آپ کو ناامید نہیں کریں گے۔ تھینک یو، جناب سپیکر۔

<u>ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید:</u> جناب سپیکر صاحب! میں ایک بات کلیئر کرنا چاہتی ہوں کہ جو بھی کیسز ہوئے ہیں، میں نے ان میں درخواست دی تھی، وہ ساری جو کمیٹیاں ہیں، ساری جو انکوائریاں ہیں، وہ ڈاکٹروں کے حق میں فیصلہ ہوئی ہیں۔ سارے ڈاکٹروں کا ایک مافیا بنا ہوا ہے۔ کتی جو ہے، جب چوروں کے ساتھ مل جائے تو اس گھر کی حفاظت کوئی بھی نہیں کر سکتا۔ سر، جب میں پریویلج موشن لائی تھی تو اب مجھے مجبوراً یہ کہنا پڑ رہا ہے کہ ڈاکٹرز نے میرے منہ پہ مجھے کہا تھا کہ دیکھیں گے، ہمارے * + + + کام کرتے ہیں یا تمہاری ایم پی اے شپ اور تمہاری سیاست کام کرتی ہے؟ مجھے نہیں معلوم کہ وہ * + + کس نے لئے؟ اور میری پریویلج موشن کو، جو جائز تھی، اس کو ناکام بنا دیا گیا۔ میں نے پریویلج موشن میں یہ نظریہ رکھا تھا کہ انہوں نے میرا استحقاق مجروح کیا ہے جبکہ فیصلہ میں یہ کہا گیا ہے کہ میں ایم ایس کی اجازت کے بغیر اس ہاسپٹل میں کیوں گئی؟ سر، یہ جتنی بھی انکوائریاں ہیں، یہ پھر ردی کی ٹوکری میں جاتی ہیں اور ان کو اور شہ ملتی ہے اور آئے دن ایسے واقعات ہوتے ہیں۔ سر، یہ جو سڑکوں پہ ڈیلیوریاں ہوئی ہیں، ایک ڈاکٹر ہونے کی حیثیت سے نہ صرف میں اسے عورت کی ایک تذلیل سمجھتی ہوں بلکہ یہ پوری انسانیت کی تذلیل ہے اور اب ایک نہیں، دو جانیں چلی گئی ہیں سر، پھر وہی انکوائریاں اور پھر انہی کے حق میں فیصلہ ہو گا اور میں اپنے Respectable Minister کے جواب میں میں تین دن کی مہلت دیتی ہوں اس ایوان کو، اگر تین دن کے اندر ایم ایس اور ڈاکٹر عامرہ تکریم کا ادھر سے تبادلہ نہیں ہوا تو سر، پھر میں اس ایوان میں بیٹھنے کا کوئی جواز نہیں رکھتی کیونکہ نہ میں کالے پیسے کو سفید کرنے اس اسمبلی میں آئی ہوں، نہ مجھے کوئی شہرت کی طلب تھی اور نہ کسی اور چیز کیلئے بلکہ میں عوام کیلئے آئی ہوں اور میں اپنی قائد محترمہ بے نظیر کی طرح عوام کے ساتھ رہنے والی ہوں، عوام کیلئے جیونگی اور عوام کیلئے مرونگی، مجھے اس ایوان میں بیٹھنے کا کوئی شوق نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی آنریبل لاء منسٹر صاحب!

<u>وزیر قانون:</u> جی اس میں فائزہ بی بی کو۔۔۔۔۔

---

*بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

جناب سپیکر: یہ ایسا ایشو ہے کہ گورنمنٹ صرف جواب دے گی، آپ ان کے ایشو پر تھوڑا سا جی۔۔۔۔۔

وزیر قانون: فائزہ بی بی سے ریکویسٹ کرتے ہیں کہ اگر ہاؤس منظوری دے دے تو اسی توجہ دلاؤ نوٹس کو چینج کرتے ہیں، اس کو بھجوا دیں، پریویلج نوٹس کر کے اس کو کمیٹی میں بھجوا دیں، ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے تا کہ یہ۔۔۔۔۔

ڈاکٹر فائزہ بی بی رشید: جناب سپیکر صاحب! ہمیں کسی بھی پریویلج کمیٹی میں نہیں۔۔۔۔۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: ابھی تو پریویلج نہیں بنتا ہے، یہی انکوائری والی بات ٹھیک ہے۔

وزیر قانون: نہیں، جس فورم سے یہ چاہتی ہیں، جس فورم سے آپ انکوائری چاہتی ہیں، اس فورم سے انکوائری کرا دیں گے۔

جناب سپیکر: ایک Impartial، بی بی صاحبہ! یہ جو آپ نے * + + + کی بات کی، یہ غیر پارلیمانی لینگوئج، اس کو کارروائی سے حذف کیا جائے اور جو Involve نہ ہوں، ایک اچھی انکوائری اس میں وزیر صاحب، منسٹر صاحب آپ آرڈر کریں، جو تین دن میں ان کو ادھر رپورٹ پیش کرے۔ تھینک یو جی۔ وہ غیر پارلیمانی لینگوئج ہے، وہ Words جی، (مداخلت) او دریږئ جی، دا یو دوه درے خیزونه دی، بیا ستاسو هاؤس دے چه څه مو خوښه وی، هغه به وایئ جی۔ (مداخلت) یو منټ جی، تاسو له وروستو ټائم درکوم۔ Fazlullah Sahib, to please move his privilege motion No.167. Fazlullah----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: دا دوه درے خیزونه ختم کړو، بیا به تاسو دغه اوکړئ۔

## تحاریک استحقاق

Mr. Speaker: ‘Privilege Motions’: Mr. Fazlullah Sahib, to please move his privilege motion No.167.

جناب فضل اللہ: جناب سپیکر صاحب، میں نے ڈی پی او شانگلہ بابر فاروق SRSP سے PPAF سکیم کے

---

*بحکم جناب سپیکر حذف کئے گئے۔

بارے معلومات کی تھیں مگر اس نے غلط بیانی سے کام لیا اور غلط معلومات فراہم کیں۔ فون پر رابطہ نہیں کرتا اور اس کا رویہ غیر مؤدبانہ تھا، جس سے نہ صرف میرا بلکہ اس پورے ایوان کا استحقاق مجروح ہوا ہے، لہذا اسے کمیٹی کے سپرد کیا جائے۔ شکریہ۔ زۀ به ریکویسټ کوم چه دا د کمیټئ ته حواله شی جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی ابھی گورنمنٹ سے تو پہلے سن لیں نا؟ جی آنریبل۔۔۔۔۔

<u>جناب فضل اللہ</u>: د پراجیکټ یو دغه دے۔۔۔۔۔

<u>Mr. Speaker:</u> Senior Minister for Planning, Rahim Dad Khan Sahib, please

<u>جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی و آبپاشی)}</u>: جناب سپیکر صاحب، ممبر صاحب په مونږه ډیر ګران دے خو دوئ په دا سے علاقه کښے اوسی، په شانګله ډسټرکټ کښے، په ګرمی کښے هم هلته وخت تیرول ګران دی او په ژمی کښے هم، کوم افسران چه ځی نو ډیر په مشکله او په ډیر دغه باندے وی او دوئ هم په چا باندے زما خیال دے هلته چائے مائے نه څښکی او نه د افسرانو خیال ساتی نو وائی چه دا ټیلی فون مے نه اوری، دغه مے نه اوری، ولے به نه اوری، خامخا به اوری خو دے په مونږ باندے نیازبین دے، دوئ وائی چه کمیټئ ته د حواله شی نو لاړ د شی کمیټئ ته۔

(تالیاں)

<u>Mr. Speaker</u>: Is it the desire of the House that the privilege motion moved by the honorable Member may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

<u>Mr. Speaker:</u> The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee.

<u>One Member</u>: Privilege motion.

<u>Mr. Speaker</u>: The privilege motion is referred to the concerned Committee. Mr. Bashir Ahmad Bilour Sahib, honourable Minister, to please move. آپ کی بھی پریویلج موشن آئی ہے؟

<u>جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}</u>: ہاں جی، بالکل آئی ہے۔

جناب سپیکر: یہ تو بڑے خراب لوگ ہیں، یہ کس نے، موشن نمبر 173، پہلے یہ تو پڑھ لیں کہ کیا ہے؟

سینیئر وزیر (بلدیات): Speaker Sahib, thank you very much۔ سپیکر صاحب، میری صرف یہ ہے، ہاؤس میں یہ بات بتانے کی میں جسارت کر رہا ہوں کہ ایک اخبار نے لکھا ہے، اخبار کا نام ہے، روزنامہ 'ہزارہ نیوز' لکھتا ہے کہ صوبائی وزیر بشیر بلور کا مانسہرہ میں ایک کروڑ 80 لاکھ کا ڈاکہ۔ اے این پی کے صوبائی وزیر بلدیات بشیر بلور نے ڈسٹرکٹ ڈویلپمنٹ فنڈ کے 5 کروڑ میں سے ایک کروڑ، اوپر ایک کروڑ 80 لاکھ لکھا ہے، نیچے لکھا ہے کہ ایک کروڑ 8 لاکھ روپے خود لے لئے، 50 لاکھ کا فنڈ جعلسازی سے چمچوں اور پتہ نہیں کس کو دے دیا۔ پی پی مانسہرہ کے 29 لاکھ پتہ نہیں کس کو دے دیئے۔

سپیکر صاحب، میں یہ ریکویسٹ کرتا ہوں-----

جناب سپیکر: یہ الفاظ ویسے بڑے، ہمارے میڈیا کے دوست بیٹھے ہیں، آپ خود ہی پڑھ لیں، اس طرح کے الفاظ لکھنا کہ 80 لاکھ کا ڈاکہ-----

سینیئر وزیر (بلدیات): تو میری یہ ریکویسٹ ہو گی سپیکر صاحب، کہ-----

جناب سپیکر: یہ Immature media ہے تو ادھر تھوڑا سا-----

سینیئر وزیر (بلدیات): ان کی اپنی ایسوسی ایشن ہے، یونین ہے تو ان کو چاہیئے کہ ایسے اخباروں سے کم از کم یہ پوچھیں کہ ایسی باتیں لکھنے سے، بغیر کنفرمیشن کے، بغیر کسی وجہ کے، میری ریکویسٹ ہو گی کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کر کے وہاں آ جائیں۔ اگر کوئی ایک پیسہ بھی ادھر ادھر ہوا ہے تو بے شک ہمیں پھانسی لگا دیں۔ اگر نہیں ہوا ہے تو یہ معافی بھی مانگیں اور جو کچھ بھی آپ اور یہ کمیٹی اس پہ Fine کرے، وہ ضرور اس پہ-----

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the privilege motion moved by the honorable Minister may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The privilege motion is referred to the concerned Committee. یہ اخباروں میں بعض الفاظ ایسے تلخ Use ہوتے ہیں جو بالکل پارلیمانی تو کیا صحافت کے قابل ہی نہیں ہوتے۔

## تحریک التواء

Mr. Speaker: 'Adjournment Motions': Muhammad Javed Abbasi Sahib, Muhammad Akram Khan Durrani Sahib, Leader of the Opposition and Mufti Kifayatullah Sahib, to please move their identical adjournment motion No. 304, 305 and 308, in the House, respectively.

جناب محمد جاوید عباسی: میں موو کروں سر؟

جناب سپیکر: جی بسم اللہ۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، اسمبلی کی کارروائی روک کر ایک اہم مسئلے پر بحث کرنے کی اجازت دی جائے اور وہ یہ کہ امریکی کانگریس میں سینیٹر 'Dana Rohrabacher' نے آزاد اور علیحدہ بلوچستان کے بارے میں ایک گھناؤنی قرارداد، بل پیش کیا ہے جس میں یہ مطالبہ کیا گیا ہے کہ پاکستان میں بلوچوں کو ماورائے عدالت قتل کیا جارہا ہے اور بلوچوں کو سیاسی اور نسلی امتیاز کا سامنا ہے۔ آیا امریکہ پاکستان کی خود مختاری میں مداخلت نہیں کررہا، آیا یہ عالمی اصولوں کی تذلیل نہیں ہے، آیا امریکہ پاکستان سے نیٹو سپلائی بند ہونے اور ائیر بیس خالی ہونے کا بدلہ نہیں لے رہا؟ اس قرارداد سے پاکستان میں ہنگامہ اور افراتفری پیدا نہیں کی جارہی؟ یہ اسمبلی اس قسم کے بل اور قرارداد کی بھرپور مذمت کرتی ہے اور اس بات کا مطالبہ کرتی ہے کہ امریکہ کو اس قسم کے زہر آلودہ ہتھکنڈے استعمال کرنا ہماری ملکی سالمیت اور خود مختاری میں کھلم کھلا مداخلت ہے، لہذا اس تحریک التواء پر بحث کرنے اور امریکہ کو دوٹوک الفاظ میں واضح کرنا چاہیئے کہ وہ پاکستان کی خود مختاری میں مداخلت نہیں کرے گا۔ جناب سپیکر!۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ بعد میں پھر جب، وہ کرلیں نا پہلے وہ۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: پہلے وہ موو کرلیں، ٹھیک ہے جی، ٹھیک ہے۔

جناب سپیکر: ون بائی ون موو کریں جی۔ مفتی کفایت اللہ صاحب۔ اکرم خان درانی صاحب نہیں آئے ہیں۔

مفتی کفایت اللہ: شکریہ، شکریہ جناب سپیکر۔۔۔۔

جناب سپیکر: وہی الفاظ آپ کے بھی ہیں جو۔۔۔۔

مفتی کفایت اللہ: نہیں، وہ حافظ صاحب بتائیں گے۔ جناب سپیکر، میں درج ذیل اہم امور پر اسمبلی کی کارروائی روک کر تحریک التواء کی اجازت چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ امریکی سینٹ میں آزاد بلوچستان کے حق

میں ایک قرارداد پیش ہوئی ہے۔ یہ قرارداد پاکستان کی سالمیت کی دشمن ہے۔ یہ قرارداد پاکستان توڑنے کا منصوبہ ہے۔ اس قرارداد کے ذریعے امریکہ کی ذہنیت سامنے آ گئی ہے حالانکہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کا نقصان جنگ کے اصل فریقین سے کہیں زیادہ ہو گیا ہے۔ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں ہزاروں بے گناہ پختون شہید ہو گئے۔ سلالہ چیک پوسٹ پر پاکستان کے فوجی مارے گئے اور امریکہ کی حمایت کی وجہ سے پورا پاکستان میدان جنگ بن گیا ہے۔ 40اور 50 ہزار کے درمیان بے گناہ لوگ مارنے کے ساتھ ساتھ 70 ارب ڈالر کا معاشی نقصان ہو گیا ہے۔ 4 ہزار مساجد اور مدارس شہید ہو گئے ہیں تو ایسے حالات میں چاہئیے تو یہ تھا کہ ہمیں خطے کی قیادت دی جاتی، سلامتی کونسل میں مستقل رکنیت عطا کی جاتی، پاکستان کو عظیم پاکستان بنانے میں ہماری مدد کی جاتی مگر افسوس کہ امریکہ آزاد بلوچستان کے نام سے پاکستان توڑنے کے درپے ہے۔ اس موضوع پر مکمل بحث کیلئے اجازت دی جائے اور یہ تحریک التواء منظور کی جائے۔

<u>جناب سپیکر:</u> شکریہ جی۔ اکرم خان درانی صاحب کی طرف سے حافظ اختر علی صاحب۔

<u>حافظ اختر علی:</u> شکریہ جناب سپیکر۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ یہ صوبائی اسمبلی امریکی ایوان نمائندگان میں پیش کردہ قرارداد کی پرزور مذمت کرتی ہے۔ چونکہ اس قرارداد سے پورے ملک میں غم و غصہ پایا جاتا ہے، انتہائی غم و غصہ پایا جاتا ہے۔ اس سے نہ صرف ہمارے ملک کی سالمیت کو چیلنج کیا گیا ہے بلکہ ہماری خودمختاری پر ایک کاری ضرب ہے۔ ایک طرف ہم امریکہ کے اتحادی ہیں اور دوسری طرف اپنے اتحادی کے خلاف یہ گھناؤنی سازش کی جا رہی ہے اور ہمارے ملک کو توڑنے کے وہ درپے ہیں، لہذا اس کی بھرپور مذمت کی جاتی ہے۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> جناب سپیکر! اگر اجازت ہو تو میں بات شروع کروں؟

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، اس کے بعد جب ایڈمٹ ہو جائے، پھر بات کرینگے۔ گورنمنٹ کی طرف سے جی مختصر۔

<u>سینئیر وزیر (بلدیات):</u> سپیکر صاحب، جس طرح میرے بھائیوں نے اس پر بات کی ہے، ہم بھی چاہتے ہیں کہ اس پر ڈسکشن کی جائے اور اس کو منظور کیا جائے، میری بھی یہ ریکویسٹ ہو گی۔

<u>جناب سپیکر:</u> آپ سپورٹ کرتے ہیں؟

سینیئر وزیر (بلدیات): ہم سپورٹ بھی کرتے ہیں اور ہم یہ چاہتے ہیں کہ یہ بھی بات کریں اور ہم بھی بات کرینگے اور پھر انشاء اللہ ایک Unanimous resolution بھی اس کے خلاف لائیں گے تاکہ امریکہ کو پتہ چلے کہ ہم لوگ اپنے ملک کی سالمیت کیلئے ہر وقت تیار ہیں۔

(تالیاں)

جناب سپیکر: شکریہ جی، تھک گئے ہیں، میرا اسٹاف بھی تھک گیا ہے۔ Is it the desire of the House that the adjournment motion moved by the honorable Members may be admitted for detail discussion? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The adjournment motion is admitted for detail discussion under rule 73.

(تالیاں)

جناب سپیکر: آپ اگر وہ تیار کرنا چاہیں تو۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: سر! پہلے میں اس پر ڈسکشن کرلوں؟

جناب سپیکر: وہ تو کرینگے، آپ کو تو میں ٹائم دے رہا ہوں۔

## توجہ دلاؤ نوٹس ہا

Mr. Speaker: 'Call Attention Notices': Atif-ur-Rehman, to please move your call attention notice No. 687. Atif-ur-Rehman Sahib, please.

جناب عطیف الرحمان: سپیکر صاحب، دا زما یو کال اٹینشن نوٹس دے، دا جی ما مخکبنے هم جمع کړے وو خو بیا د فوډ منسټر صاحب نه وو، په هغه وجه باندے پاتے شوے وو۔ اوس بیا جی زمونږ د فوډ منسټر صاحب شته دے نه نو چه کله دا فوډ منسټر صاحب راشی، د هغوی د وړاندے به ئے پیش کړم نو هغه به بهتره خبره وی، دا د فوډ سره تعلق لری جی نو۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی۔

جناب عطیف الرحمان: چه فوډ منسټر صاحب راشی نو بیا به ئے پیش کړو، تر هغے پورے ئے پینډنګ اوساتئ۔

Mr. Speaker: Pending?

جناب عطیف الرحمان: او جی۔

Mr. Speaker: Hafiz Akhtar Ali Sahib, to please move his call attention notice No. 689. Hafiz Akhtar Ali Sahib, please.

حافظ اختر علی: شکریہ جی۔ جناب سپیکر صاحب، میں آپ کی وساطت سے حکومت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ ای ڈی او ایجوکیشن مردان کی پوسٹ کافی عرصہ سے فعال نہیں ہے۔ کبھی چارج عارضی طور پر کسی کے حوالے کی جاتی ہے تو کبھی کرسی خالی پڑی رہتی ہے۔ اس صورتحال سے ضلع مردان کے تمام تعلیمی اداروں کی حالت ناگفتہ بہ ہو چکی ہے، کئی سارے سکولز خالی پڑے ہیں اور طلباء وطالبات کا مستقبل خطرے میں ہے، لہذا حکومت فوری نوٹس لیکر حالات کنٹرول کرے۔

جناب سپیکر صاحب، مردان چونکه د پشاور نه پس Big city ده او زمونږه دا تعلیمی ماحول هلته کښے انتهائی نقصان طرف ته روان دے۔ شپږ، اووه میاشتے شوی دی چه زمونږه انټرویوز شوی دی لیکن تر اوسه پورے هغه پوستونه Fill نه شو او د هغے بنیادی وجه دا ده، Deseased کیسونه راغلی دی، ریټائرډ کیسونه راغلی دی خو د ای ډی او د عدم موجودګئ د وجے نه هلته کښے ډیر نقصان شروع دے، لهذا حکومت ته درخواست کوؤ چه هغوی ستاسو په وساطت سره د دے څه انتظام اوکړی۔

Mr. Speaker: Ji honorable Minister for Secondary Education, Sardar Babak Sahib, please.

جناب سردار حسین (وزیر برائے ابتدائی و ثانوی تعلیم): شکریه سپیکر صاحب۔ سپیکر صاحب، څنګه چه حافظ صاحب ذکر اوکړو، زمونږه ای ډی او صاحب د بدقسمتئ نه په یو ایکسیډنټ حادثه کښے زخمی شوے دے، اللّٰه تعالیٰ د ورته صحت نصیب کړی۔ مونږه جی پرون سمری تیاره کړے ده او انشاء اللّٰه زر تر زره به وزیر اعلیٰ صاحب ته لاړه شی۔ په هغے کښے مونږ د مردان د پاره نوے ای ډی او Propose کړے دے او حافظ صاحب ته زۀ ایشورنس ورکوم چه انشاء اللّٰه په یو څو ورځو کښے به دننه دننه مونږه مردان ته بل ای ډی او اولیږو۔ سپیکر صاحب، مهربانی۔

Mr. Speaker: Thank you. Muhammad Javed Abbasi Sahib, to please move his call attention notice No. 696.

جناب محمد جاوید عباسی: سر، میں نے آج اس کی ایک کاپی کا کہا تھا، یہ اس دن آیا تھا لیکن کورم پورا نہ ہونے کی وجہ سے وہ نہیں ہو سکا۔ ایک کاپی کا میں نے کہا تھا تو انہوں نے کہا کہ آج ہم نے آپ کا نہیں لیا تو مہربانی کر کے اگر سیکرٹریٹ مجھے اس کی ایک کاپی Provide کر دے۔ اس دن ہم نے لینا تھا، جمعہ والے دن، تو چونکہ آج جب میں نے پتہ کیا تو انہوں نے کہا کہ آج آپ کا کال اٹینشن نہیں آیا ہے، یہ ہم نے کل کیلئے رکھا ہوا ہے تو اگر Kindly سیکرٹریٹ مجھے ایک کاپی Provide کر دے۔

جناب سپیکر: کس چیز کی؟

جناب محمد جاوید عباسی: نوٹس کی سر۔

جناب سپیکر: ERRA اور PERRA کے متعلق تو آپ کو۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: Sir, thank you very much۔ جناب سپیکر، میں آپ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کروانا چاہتا ہوں کہ اکتوبر 2005 میں زلزلے کے بعد متاثرہ علاقوں کی تعمیر و مرمت کیلئے ERRA اور PERRA کے محکمے بنائے گئے تھے لیکن 7 سال سے زائد کا عرصہ گزرنے کے باوجود اور اسمبلی فلور پر بار بار آواز اٹھانے کے باوجود ہمیں یہ تسلی دی جاتی رہی کہ وفاقی حکومت سے بات کی جائے گی لیکن اس کے باوجود متاثرہ اضلاع کے عوام بدستور سڑکوں، سکولوں کی چھتیں نہ ہونے کی وجہ سے پریشانی میں مبتلا ہیں جس کی تمام تر ذمہ داری جناب سپیکر، DG PERRA اور Chief Engineer PERRA پر عائد ہوتی ہے، جنہوں نے صوبے کے مفادات کا لحاظ نہیں رکھا ہے اور ملی بھگت سے پیسے بٹورتے رہے ہیں اور یہ جو تمام کام تھے جناب سپیکر، یہ آج اسی طرح پڑے ہوئے ہیں۔

جناب سپیکر، چونکہ آج ایک بہت اہم ایڈجرنمنٹ موشن آئی اور میں چونکہ ماحول خراب کرنے کی کوئی بات بھی نہیں کروں گا، میں مشکور ہوں ایجوکیشن منسٹر صاحب کا کہ انہوں نے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: یہ سخت جذبات کسی اور دن کیلئے رکھیں۔

جناب محمد جاوید عباسی: جی، اسی لئے میں آج، میں نے آج اپنے آپ کو ذرا روکا ہے اس بات سے۔

جناب سپیکر: آج تھوڑا سا تحمل اور۔۔۔۔۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں مشکور ہوں جناب وزیر تعلیم صاحب کا کہ انہوں نے فلور پر کہا ہے اور ہمیں سپورٹ کیا ہے۔ جناب سپیکر، بے شمار سکولز ایسے ہیں، جو بیس تیس نہیں ہیں بلکہ پچاس ساٹھ ایسے سکولز ہیں جو 80% مکمل ہیں، جن کی چھتیں نہیں ہیں، وہ سکولز جو کسی وقت بنے ہوئے تھے، ان سکولوں کو گرایا

گیا ہے، یہ اس حکومت کے آنے سے پہلے کی بات تھی۔ جناب سپیکر، آج کتنے سال ہو گئے ہیں، 2005 میں زلزلہ آیا تھا، یہ پیسہ آیا تھا، یہ ان لاشوں کے ذریعے آیا تھا، ان کیلئے آیا تھا جو اس دنیا سے چلے گئے تھے۔ وہ خاندان، پورے خاندان تباہ ہو گئے تھے، ان کے بچوں کے سکولوں کیلئے اور جو انفراسٹرکچر تباہ ہوا تھا، ان سڑکوں کیلئے آیا تھا لیکن جناب سپیکر، آج تک ایک پراجیکٹ مکمل نہیں ہوا۔ کتنے بڑے ظلم کی بات ہے اور یہ سارے پیسے، اس صوبے کے اضلاع جو اس سے متاثر ہوئے تھے اور آزاد کشمیر کیلئے تھے لیکن اب بڑے ظلم کی ایک اور بات ہوئی ہے کہ اس آدمی کو ERRA council کا چیئر مین لگا دیا گیا جناب سپیکر، جس کا نہ آزاد کشمیر سے تعلق ہے، نہ اس صوبے سے اس کا تعلق ہے، جس کو پتہ ہی نہیں، میں اب زور کرتا ہوں کہ پیپلز پارٹی کا کوئی آدمی لگا دیں، اے این پی کا آدمی لگا دیں لیکن خدا کا واسطہ اس آدمی کو لگائیں کہ جس کا کم از کم اس صوبے سے تعلق ہو، جو یہ باتیں سمجھ سکے۔ جناب سپیکر، PERRA کا DG جب باہر نکلتا ہے تو لگتا ہے کہ پرائم منسٹر آف پاکستان کا قافلہ جا رہا ہے، اس کا جو کانوائے ہے اور یہ تو وہ دوست بتائیں گے کہ پیسوں کی جو مار دھاڑ وہاں ہو رہی ہے، جناب سپیکر، دس دس اور بیس بیس گاڑیوں میں وہ گزرتا ہے، کسی پراجیکٹ کے پاس تو جاتا ہی نہیں ہے۔ جب اسلام آباد میں میٹنگ کیلئے جاتا ہے اور یہی حالت چیف انجینئر کی ہے جو آج تک اپنے دفتر سے نکل کر ایک سنگل سکیم کی جناب سپیکر، انہوں نے چیکنگ نہیں کی۔ اب ہمیں بتائیں، جناب سپیکر! آپ کی توجہ کی ضرورت ہے، میں بہت بڑے بوجھل دل کے ساتھ آپ سے التجاء کر رہا ہوں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں نہیں، میں بالکل متوجہ ہوں۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> اور حکومت سے بھی کہ خدا کا واسطہ، یہ وہ پیسے تھے جس سے آپ کے اضلاع کا انفراسٹرکچر بننا تھا۔ جناب سپیکر، اگر یہ ERRA اور PERRA والے کھا کے بھاگ جائیں گے تو جناب سپیکر، پھر یہ Liability کون کلیئر کرے گا، آج ڈیڑھ ارب روپے کی Liability ہے، ڈیڑھ ارب روپے سے زیادہ پیسہ ٹھیکیدار مانگ رہے ہیں۔ اب ٹھیکیداروں نے Strike کی ہوئی ہے اور سارے کام بند ہیں۔ جب بھی ہم نے یہاں بات کی تو ہر وقت یہی تسلی دی گئی کہ فیڈرل گورنمنٹ کے ساتھ یہ مسئلہ ہم اٹھائیں گے۔ وہاں ایک تحریک چل رہی تھی، ہم نے اس تحریک کا مقابلہ کیا اور ہم نے کہا کہ نہیں کبھی ہمارے ساتھ ظلم نہیں ہوتا لیکن آج ہم دل کھول کر کہہ رہے ہیں کہ یہ ظلم نہیں بلکہ ظلم کی انتہا ہے کہ پیسہ آیا ہوا ہے اور سات سال گزر گئے، نہ ایک سکول مکمل ہو سکا، نہ ایک سڑک مکمل ہو سکی، نہ ایک بی ایچ یو مکمل

ہو سکا، کیا ہم آج پھر کسی بڑے زلزلے کو، کسی بڑی آفت کو دعوت نہیں دے رہے ہیں اور جناب سپیکر، وہ ممالک ہمارے بارے میں کیا سوچیں گے، وہ ڈونرز ہمارے بارے میں کیا سوچیں گے کہ جب یہ قیامت خیز زلزلہ آیا تھا تو انہوں نے پیسہ دیا تھا اور انہوں نے آکر کہا تھا کہ ہم اس علاقے کو ڈیویلپ کریں گے، وہ کیا کہیں گے کہ یہ اسی قوم کے لوگ ہیں، جنہیں ہم نے پیسہ دیا اپنے لوگوں کیلئے اور ان کو بھی لوٹ لیا؟ بتایا جائے کہ اتنا بڑا پیسہ جو پڑا ہوا تھا، وہ کس جگہ میں کون اٹھا کے لے گیا ہے؟ جناب سپیکر، ہم اپنے حلقوں میں نہیں جا سکتے، لوگ ہمارے گلے پکڑتے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ آپ یہ بات نہیں کرتے اور ہم جب یہاں بات کرتے ہیں تو ہمیں صرف تسلی دی جاتی ہے۔ آج خدا کا واسطہ میں ڈالتا ہوں حکومت کو کہ یہ Resposibility بھی کوئی Feel کرے، یہ ذمہ داری بھی کوئی آج لے، آج ان کی فیڈرل میں بھی حکومت ہے تو ان پراجیکٹس کو، یہ جو سکیمیں ہیں جناب سپیکر، آنے والے وقتوں میں یہ سکیموں کا قبرستان بن جائے گا اور میں حیران ہوں کہ کوئی چھوٹی بات ہو تو میڈیا ضرور اس کو اٹھاتا ہے لیکن یہ 80 سے زیادہ سکولز ہیں اور بچے جو ہیں، وہ آج بغیر چھتوں کے اس میں پڑھتے ہیں اور اب برفباری کا موسم ہے، ابھی سکولز کھلنے والے ہیں تو جناب سپیکر ہم اپنے بچوں کو لیکر کہاں جائیں گے اور کن کن کے پاس یہ فریاد لے کے جائیں؟ تو ہماری حکومت سے التجاء ہے، ہم درخواست کرتے ہیں، ہمارے اور دوست بھی شاید کہ مہربانی کر کے۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی کون؟

<u>جناب محمد جاوید عباسی:</u> یہ معاملہ پچھلے سات سالوں سے لٹکا ہوا ہے، یا ہمیں بتادیں کہ ہم جا کے لوگوں کو بتادیں کہ یہ نہیں ہونے والا اور اگر ہمارا حق ہے تو ہمارا حق ہمیں دیا جائے۔ Thank you very much, Mr. Speaker۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی:</u> جناب سپیکر! ایک منٹ چاہتا ہوں۔

<u>جناب سپیکر:</u> نہیں، کال اٹینشن پہ صرف موؤر بات کر سکتا ہے اور اس پہ کوئی ڈیبیٹ نہیں ہو سکتی۔ آنریبل سینیئر منسٹر فار پلاننگ، رحیم داد خان صاحب۔

<u>جناب رحیم داد خان {سینیئر وزیر (منصوبہ بندی وآبپاشی):</u> بِسۡمِ ٱللهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ۔ جناب سپیکر، ستاسو مهربانی۔ د جاوید صاحب شکریه ادا کوؤ چه دا یوه ډیره اهمه مسئله ده او داسے قیامت خیز زلزله وه چه په آزاد کشمیر او په هزاره کښے په

زرګونو خلق چه کوم دی، وفات شوی وو، شهیدان شوی وو، په زرګونو کورونه وران شوی وو او بیا سرکاری سکولونه، روډز، بریجز او چه کله دا واقعه اوشوه نو په دویمه ورځ ورله زۀ هم تلے ووم او زمونږه د پارټئ مرکزی قیادت ځو ځو ځله تلے وو او د هغه خلقو د پاره مونږه اپیل هم کړے وو او په ډیر تعداد کښے خلق راغلی وو، Contribution ئے کړے وو او د هغه خلقو چه کوم دے څه کولے شو خو د عزت د پاره هغوی هر څه کړی وو او د خپلو خویندو د لوپټو، د لونړو او د بچو د پاره ئے چه څه وو، هغه ئے کړی وو۔ د هغے نه پس جاوید صاحب چه کومے خبرے کوی نو واقعی دا ډیره افسوسناکه خبره ده او زۀ به څه اووایم، پکار دا وه چه هغه وران سکولونه، بریجز او سړکونه چه جوړ شوے وے، البته سو ډیرھ سو سکولونه د مشرف صاحب په وخت کښے روغ سکولونه خلقو مات کړل، د ے ERRA او یو داسے عجیبه غوندے کیفیت پیدا شو۔ اوس چه دوئ کومه خبره کوی چه تسلی نو مونږه دوئ له تشه تسلی نه ورکوؤ، د مرکز نه، د وزیراعظم صاحب نه چه زمونږه چیف منسټر صاحب ځو ځو ځله ټائم غوښتے وو او هغوی ټائم هم ورکړے وو خو هغلته په مرکز کښے داسے حالات جوړ شی او داسے غیر مناسب حالات چه هغه زمونږ د ملک تعمیر چه کوم دے یا د بهر ملک نه چه څوک راځی، په هغے کښے هغه رکاوټ راشی نو شکر الحمدللّٰه زمونږه په صوبه کښے خو هغه حالات نه دی چه کوم په مرکز کښے دی خو د دے خلق چه کوم دی، په مرکز کښے دی، زۀ د دوئ په ذریعه هغوی ته اپیل کومه چه په دے ملک باندے داسے رحم اوکړی او د جمهوریت د پاره چه کوم تکلیف او مشکلات پیښ شوی دی نو دغه حالات چه خراب وی، سنګین حالات وی نو په ډیویلپمنټل کارونو کښے دا رکاوټونه پیښیږی او راځی خو مونږ به بیا هم په دے زور راوړو، په دے چه دوئ یواځے د هغه ځائے نمائندګان نه دی، هغلته د اے این پی پارټی هم شته، د پاکستان پیپلز پارټی هم هغلته کښے وجود شته، د نورو پارټو هم وجود شته۔ بل زمونږه ورونړه دی، د پارټو وجودونه هم دی، زمونږه ورونړه دی، زمونږه رشتے دی او په دے یو ملک کښے آباد یو او زمونږ د ټولو کوشش دا دے چه یره د دے ملک تعمیر د اوشی نو زۀ دوئ ته بیا په دے ځائے کښے هم تسلی ورکوم او بیا به ورته بله خبره هم کوم چه د دے د پاره یو جوائنټ

قرارداد به هم مونږه راوړو چه مخکښے ئے کړو چه زمونږ دا مسئله چه کوم ده، دا په صحیح طریقه باندے هغلته کښے پیش شی نو انشاء الله تعالیٰ یواځے دا نه بلکه هر یو تکلیف او مشکلات چه کوم دے صوبے ته راځی، مونږ د هغے نه غافله نه یو۔ ډیره مهربانی، سر۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔

## مجلس قائمہ برائے قواعد،انضباط وطریقہ کاراوراستحقاقات کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں توسیع

Mr. Speaker: Noor Sahar Bibi, member, on behalf of Chairman Standing Committee No. 1, on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances, to please move for extension in period for presentation the report of the Committee in the House under sub rule (1) of rule 60 of the Rules of Procedure. Noor Sahar Bibi.

Ms. Noor Sahar: Thank you, Speaker Sahib. On behalf of Chairman Standing Committee No. 1, I beg to move under sub rule (1) of rule 60 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa that the time for presentation the report of the Standing Committee No. 1 on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances may be extended till date and I may be allowed to present the report in the House.

Mr. Speaker: The motion before the House is that extension in period may be granted to the honorable member of Standing Committee No. 1 on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances, to present the report of the Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Extension in period is granted. Now Noor Sahar Bibi, member of-----

ایک رکن: سپیکر صاحب! سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ایک منٹ جی، ذرا میں اپنی کارروائی تو 'کمپلیٹ' کرلوں تو پھر آپ کا ہاؤس ہے، جو بھی آپ کی مرضی ہو، آپ کو اجازت ہو گی۔

## مجلس قائمہ برائے قواعد، انضباط وطریقہ کار اور استحقاقات کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Ms. Noor Sahar, member of the Committee, on behalf of Chairman Standing Committee No. 1, Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances, to please present before the House the report of the Committee.

Ms. Noor Sahar: Thank you, Speaker Sahib. On behalf of the Chairman Standing Committee No. 1 on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances, I beg to present the report of the Committee in the House.

Mr. Speaker: It stands presented.

## مجلس قائمہ برائے قواعد، انضباط وطریقہ کار اور استحقاقات کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Now Ms. Noor Sahar, member Standing Committee No. 1 on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances, to please move that the report of the Committee may be adopted.

Ms. Noor Sahar: Thank you, Speaker Sahib. On behalf of Chairman Standing Committee No. 1 on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances, I beg to move that the report of the Standing Committee may be adopted.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of Standing Committee No. 1 on Procedure and Conduct of Business Rules, Privileges and Implementation of Government Assurances may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

## مجلس قائمہ برائے محکمہ مال کی رپورٹ پیش کرنے کی مدت میں توسیع

Mr. Speaker: Ms. Tabasum Shams, member of the Committee, on behalf of Chairman Standing Committee No. 22, on Revenue, to please move for extension in period for presentation of the report of the Committee in the House, under sub rule (1) of rule 185 of the Rules of Procedure. Ji honorable Tabasum Shams Bibi.

Ms. Tabasum Shams: Thank you, Mr. Speaker. On behalf of Chairman Standing Committee No. 22, I beg to move under sub rule (1) of rule 185 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988 that the time for presentation of the report of the Standing Committee No. 22, on Revenue Department may be extended till date and I may be allowed to present the report in the House.
Mr. Speaker: The motion before the House is that extension in period may be granted to the honorable member of Standing Committee No. 22, on Revenue, to present the report of the Committee? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. Extension in period is granted.

### مجلس قائمہ برائے محکمہ مال کی رپورٹ کا پیش کیا جانا

Mr. Speaker: Ms. Tabasum Shams, member of the Committee, on behalf of Chairman Standing Committee No. 22, on Revenue, to please present before the House the report of the Committee. Ms. Tabasum Shams.
Ms. Tabasum Shams: Thank you, Sir. On behalf of Chairman Standing Committee No. 22 on Revenue Department, I beg to present the report of the Committee in the House. Thank you.
Mr. Speaker: It stands presented. یہ چونکہ ایک سیکرٹ ڈاکومنٹ ہوتی ہے، اسلئے ابھی آپ کو پیش کی گئی، جب Present ہوئی تو آپ کو پیش کی گئی۔

### مجلس قائمہ برائے محکمہ زکواۃ و عشر کی رپورٹ کا منظور کیا جانا

Mr. Speaker: Now Zubaida Ihsan Bibi, member of the Committee, on behalf Chairperson Standing Committee No. 24, on Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education and Women Development, to please move that the report of the Committee, already presented on 09-01-2012, may be adopted.
Ms. Zubaida Ihsan: Thank you, Mr. Speaker. On behalf of the Chairperson, I beg to move that report of the Standing Committee No. 24, on Zakat and Ushr, Social Welfare, Special Education and Women Development may be adopted as presented in the House on 9th January 2012. Thank you.

Mr. Speaker: The motion before the House is that the report of the Standing Committee No. 24, on Zakat, Ushr, Social Welfare, Special Education and Women Development may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Aye' and those against it may say 'No'.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The 'Ayes' have it. The report is adopted.

## خیبر پختونخوا کے امور سے متعلق پالیسی اصولوں کے مشاہدات اوران پر عملدرآمد سے متعلق رپورٹ برائے سال 2010 کاایوان کی میز پر رکھا جانا

Mr. Speaker: Honourable Minister for Law, on behalf of honorable Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa, to please lay on the table of the House, the report on the Observance and Implementation of the Principles of Policy in relation to the affairs of the Khyber Pakhtunkhwa Province, for the year 2010. Honourable Minister Law Minister Sahib, please.

Barrister Arshad Abdullah (Minister for Law): Thank you, Sir. I beg to present in this august House, the report on the Observance and Implementation of the Principles of Policy in relation to the affairs of Khyber Pakhtunkhwa, for the year 2010. Thank you.

Mr. Speaker: It stands laid. ابھی تھوڑا ہاؤس سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ نماز کا وقت بھی ہو چلا ہے، آپ کی جوایڈ جرنمنٹ موشن ہے، اس پر کچھ بحث آج کرنا چاہتے ہیں یا کل کرنا چاہتے ہیں؟

اراکین: آج کرنا چاہتے ہیں۔

جناب سپیکر: نہیں، وہ تو میں پورے ہاؤس سے پوچھنا چاہ رہا ہوں، پھر نماز کا وقفہ کیا جاتا ہے، نماز قضا ہو رہی ہے-----

(قطع کلامیاں / شور)

جناب سپیکر: تو نماز کے فوراً بعد آپ، پندرہ منٹ، پندرہ منٹ کا وقفہ کیا جاتا ہے۔ چائے بھی پی لیں اور نماز بھی پڑھیں اور جلدی آجائیں، اچھے شرفاء کی طرح اور قرارداد بھی اگر تیار کر سکتے ہیں تو تیار کر لیں۔

(اس مرحلہ پر چائے اور نماز کیلئے ایوان کی کارروائی ملتوی کر دی گئی)

(وقفہ کے بعد جناب سپیکر مسند صدارت پر متمکن ہوئے)

جناب سپیکر: شاباش، یہ کدھر گئے ہیں، کیا کر رہے ہیں جی؟-----

(قطع کلامی)

جناب سپیکر: نہیں، وہ نماز پڑھنا ضروری تھی نا، نماز نہ پڑھیں، چائے نہ پیئیں۔ دیکھو میرے میڈیا کے دوست کتنے تازہ ہوگئے ہیں؟ ابھی صحیح لکھ سکتے ہیں۔ آپ، (مداخلت) نہیں دو گھنٹے سے زیادہ، دو گھنٹے سے زیادہ بٹھانا ذرا اوہ ہوتا ہے۔ ابھی تورات کے کس وقت تک بھی چلیں، آپ لوگ اگر وہ نہیں کرنا چاہتے۔

(شور)

Mr. Speaker: Countdown, countdown, please; Countdown, please.

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

جناب سپیکر: Only thirteen، دو منٹ کیلئے گھنٹی بجائی جائے۔

(اس مرحلہ پر گھنٹیاں بجائی گئیں)

Mr. Speaker: Countdown, please.

(اس مرحلہ پر گنتی کی گئی)

Voice: Seventeen.

جناب سپیکر: Only Seventeen، آج آپ ہی Adjourn کرلیں۔

(قہقہے)

جناب سپیکر: ایک قُلۡ هُوَ ٱللَّهُ أَحَد پڑھ کے (قہقہہ)

(قہقہے / شور)

جناب سپیکر: ان کے سر تھوپیں، جتنا بھی مرضی ہے، وہ آج نہیں ہے، تھوپ سکتے ہیں۔

(شور)

Mr. Speaker: The sitting is adjourned till 04:30 pm afternoon of Wednesday. Thank you very much.

---

(اسمبلی کا اجلاس بروز بدھ مورخہ 22 فروری 2012ء بعد از دوپہر چار بجکر تیس منٹ تک کیلئے ملتوی ہوگیا)